# God Keeps His Word (Part-1)

# خُدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے (حصہ اوّل)

فرمودہ از:
ریورنڈ ولیم میرئین برینہم

مترجم: پاسٹر فاروق انجم
Publisher: Pastor Javed George
End Time Message Believers Ministy Islamabad Pakistan
We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,
New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother William Marrion Branham

پیغام ............................ خُدااپنے کلام کوقائم رکھتاہے(حصہ اوّل)

واعظ ............................ ریورنڈ ولیم میریئن برنہم

مقام ............................ فینکس ،اریزونا۔یوایس اے

دن ............................ 6 جنوری 1957ء بوقت شام

مترجم ............................ پاسٹرفاروق انجم

اشاعت ...................... ستمبر 2019ء

راولپنڈی، پاکستان

# God Keeps His Word (Part-1)

# خُدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے (حصہ اوّل)

E-1 ہم تھوڑی دیر کھڑے رہ کر اپنے سروں کو قادرِ مطلق خدا کے حضور جھکائیں گے اور دعا کے کچھ الفاظ اُس کو نذر کریں گے۔ہم دعا کریں گے۔

رحیم آسمانی باپ، ہم خداوند یسوع کی محبت اور اُس کے ایک اور دن ہمارے ساتھ رہنے کے لئے ہم آج شام تیرا شکرادا کرتے ہیں اور تو نے یہ وعدہ کر رکھا ہے کہ ''جہاں دو یا تین میرے نام سے جمع ہوں میں اُن کے بیچ میں ہوں''۔ اور ہم جانتے ہیں کہ تو یہاں موجود ہے کیونکہ یہ تیرا وعدہ ہے۔ ہماری دعا ہے کہ آج شام تو ہمیں برکت دینا اور تیری حضوری یہاں موجود رہے۔بخش دے کہ ہم سب کو اس کی پہچان حاصل ہو اور روح القدس کلامِ خدا کو لے اور عین ہماری ضرورت کے مطابق ہر دل کو عطا کرے۔ بیماروں اور تکلیفوں میں مبتلا لوگوں کو شفا بخش۔ جو برگشتہ ہو چکے ہیں اُنہیں فضل کے گھر میں واپس لا۔ یہ برکات بخش دے، ہم مسیح کے نام میں مانگتے ہیں۔آمین۔

E-2 جیسا کہ راتیں گزرتی چلی گئی ہیں اور موجودہ عبادات کا سلسلہ اختتام کی طرف بڑھ رہا ہے میں خدا پر توکل رکھتا ہوں کہ اُس کے جلال کے لئے بہت سے کام ہوں گے۔ میرا گلا، ٹھنڈک کی وجہ سے نہیں بلکہ بہت زیادہ بولنے کے سبب بیٹھ گیا ہے۔ یہ سلسہ چار ماہ سے جاری ہے اور بمشکل ہی کسی شام ناغہ ہوا ہے۔ پس آپ تصور کر سکتے ہیں کہ یہ کتنی خوفناک طوالت ہے۔منجمد علاقوں سے لے کر گرم علاقوں کے جنگلات تک، اِس میں کوئی کمی نہیں آنے پائی۔ یہاں سے جاؤں گا تو مجھے سوموار کو فوراً

روانہ ہونا ہے اور ایک بجے لاکریسنٹا پہنچنا ہے۔اور پھر مجھے کیلیفورنیا سے اوکلینڈ، واپس کنساس ایک گرجا گھر کی مخصوصیت کے لئے جانا ہے وہاں سے کینیڈا اور پھر پورے کینیڈا میں پھرنا ہے۔اِس کے بعد اگر خداوند نے اجازت دی تو میں شکاگو کے مسیحی تاجروں کی کنونشن کے بعد پوری دنیا کا مکمل دورہ کروں گا۔مجھے بہت زیادہ دعاؤں کی ضرورت ہے اس لئے آپ میرے لئے دعا کیجئے گا۔

اب ، آج شام ہم خدا کے مبارک کلام کو کھولتے ہیں میں خدا کے کلام کو پڑھنا پسند کرتا ہوں۔کیا آپ کلام کو پسند نہیں کرتے ؟

E-3 ''کلام سننے سے پیدا ہوتا ہے اور سننا خدا کے کلام سے''۔ہم خدا کے کلام پر مکمل بھروسا کر سکتے ہیں، اِس لئے کہ یہ تاابد سچ ہے۔یہ ہمیشہ کی سچائی ہے۔اور پاک روح کی مدد کے ساتھ میں گنتی 13 باب کی 30 آیت کو پڑھنا چاہوں گا اور دعا کروں گا کہ خدا ہمیں اِس میں سے مضمون عطا کرے۔

''تب کالب نے موسیٰ کے سامنے لوگوں کو چپ کرایا اور کہا کہ چلو ہم ایک دم جا کر اُس پر قبضہ کریں کیونکہ ہم اِس قابل ہیں کہ اُس پر تصرف کرلیں۔''

ہم نے کلامِ مقدس کی تلاوت کی ہے۔اور اب میں توکل رکھتا ہوں کہ جب ہم اِس میں داخل ہوں گے تو خدا ہماری مدد کرے گا۔اب اگر ممکن ہوا تو آج شام اور آئندہ دو یا تین شام میں'' خدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے'' کے عنوان پر بولوں گا۔

E-4 جب میں پہلی بار تبدیل ہوا اور بپٹسٹ کلیسیا میں میری مخصوصیت ہوئی تب میرے بہت اچھے بزرگ استاد تھے جن کا نام ڈاکٹر رائے ڈیوس تھا۔وہ اپنی تبدیلی سے پہلے ایک وکیل تھے اور اُنہوں نے بائبل مقدس کی ہر بات کو قانونی نقطۂ نظر سے لیا تھا۔اور مجھے اپنا پہلا وعظ یاد ہے جس پر میں نے منادی کی۔میں نے دشمنوں کے لئے چکی پیسنے والے سمسون پر منادی کی۔جب میں اسے

دہرا رہا تھا تو میں نے اپنے ہاتھ ہی ستون کے ساتھ باندھ لئے۔ میں نے ہر قسم کے جذبات کا اظہار کیا جن کے متعلق میں خیال کر سکا کہ ایک منادان کا اظہار کر سکتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ ڈاکٹر ڈیوس جہاں بیٹھے تھے، مجھے دیکھتے ہوئے اُن کی انگلی اُن کے لبوں تک چلی گئی تھی۔ کلام کے بعد میں نے لوگوں کو مذبح پر آنے کی دعوت دی۔ بہت سی مائیں اُدھر چلی آ رہی تھی اور میرے کندھے پر تھپکی دے رہی تھیں۔ وہ کہہ رہی تھیں ''بلی، پیغام بہت زبردست تھا''۔

اور ڈاکٹر ڈیوس نے کہا ''میں تمہیں مطالعہ کرتے دیکھنا چاہتا ہوں''۔

میں نے کہا ''جی، سر''۔

وہ کہنے لگے ''یہ میری زندگی کا سب سے مضحکہ خیز پیغام تھا''۔ اوہ، میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ میں نے کہا ''کیوں ڈاکٹر ڈیوس، کیا مسئلہ ہوا؟''

E-5 وہ کہنے لگے ''ایک وقت تھا جب میں وکالت کی پریکٹس کر رہا تھا۔ میں نے کچھ مقدمات کی کاروائی سنی۔ میں نے مقدمات کی کاروائی دیکھی اور وکیلوں کو جذبات سے بھرپور ہو کر بولتے سنا۔ اور جب میں نے بینچ کے سامنے حلف اٹھانے کے بعد اپنا پہلا مقدمہ لڑا تو میں نے اپنا کوٹ اتار دیا۔ میں ایک خاتون کا دفاع کر رہا تھا۔ میں میز پر جھک گیا۔ میں چیخا میں آگے پیچھے چلا۔ میں نے خیال کیا کہ میں نے مقدمہ جیت لیا یہ یہی کچھ تھا۔ بوڑھا جج وہاں بیٹھا ہوا تھا۔ تھوڑی دیر بعد جب اُس نے کارروائی لپیٹی تو کہا ''عزت مآب جج صاحب، آپ کی عدالت ایسی مضحکہ خیز چیزوں کے ساتھ کب تک کھڑی رہ سکتی ہے؟''

E-6 وہ کہنے لگے ''تب میں نے محسوس کیا کہ مجھے گویا کوڑے لگے ہوں۔ میں مقدمہ ہار کر باہر آیا۔ میں گھر گیا اور کہنے لگا کہ میں کوئی اور تعلیم حاصل کروں گا۔ میں اب کبھی وکیل نہیں بنوں گا''۔ وہ بتانے لگے ''تھوڑی دیر بعد دروازے پر دستک ہوئی۔ اور یہ بھلا کون تھا؟ یہ بوڑھا سرکاری وکیل تھا۔ وہ

اندر آ گیا اور کہنے لگا 'رائے، میں تمہیں دیکھ رہا تھا۔ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے اِس عدالت میں یہ بات اِس وجہ سے کی کہ میں تمہیں ایک حقیقی وکیل دیکھنا چاہتا ہوں۔ وکیل بننے کی صلاحیت تمہارے اندر موجود ہے۔ لیکن یہ عدالت تمہارے ذہنی جذبات کے مطابق فیصلہ نہیں کرتی۔ تم بہت سے ذہنی جذبات رکھتے تھے لیکن دفاع کے لئے تمہارے پاس کوئی قانون نہ تھا۔ یہ سبب تھا کہ میں نے اِس طرح کہا''۔

E-7 اور میں نے سوچا کہ یہ بہت اچھی بات ہے۔ میں نے کہا ''ڈاکٹر ڈیوس، آپ کا بے حد شکریہ''۔

اُنھوں نے کہا ''بلی، تمہارے تمام جذبات، حرکات، سمسون کو ستون سے باندھنا اُسے کوڑے لگانا اور اُس کی آنکھیں نکالنا ان سب باتوں میں تم نے زیادہ کلام بیان نہیں کیا۔ جذبات اور ان دکھی کہانیوں سے جو تم نے بیان کیں انسان نجات نہیں پاتے۔ انسان خدا کے کلام سے نجات پاتا ہے''۔ اِس بات نے مجھے یقیناً باندھ کے رکھ دیا۔

تب سے میں اِس نتیجہ پر پہنچا کہ خدا ہماری عدالت ہمارے جذبات اور کلیسیا کے ساتھ ہمارے الحاق کی بنا پر فیصلہ نہیں کرتا بلکہ وہ اپنے کلام کے مطابق فیصلہ کرتا ہے۔ آسمان اور زمین ٹل جائیں گے لیکن خدا کا کلام کبھی نہ ٹلے گا۔

اب جن دنوں اور جس وقت میں ہم رہ رہے ہیں مناسب ہے کہ ہم خدا کے کلام کے مطابق پرکھیں کہ ہم کہاں اور کس گھڑی میں زندگی گزارر رہے ہیں۔

E-8 خدا نے اِس دن کا بیان کیا تھا۔ اور دنیا نے جتنے ادوار بھی دیکھے ہیں یہ دَور اُن سب سے نمایاں ہے۔ انجیل کی منادی کے لئے یہ سب سے عظیم وقت ہے جو دنیا نے کبھی دیکھا ہے۔

پرانے عہدنامہ میں خدا کی مرضی جاننے کے تین طریقے تھے۔ بے شک ان میں سے پہلا

لکھا ہوا آئین تھا دوسرا طریقہ نبی کے وسیلے اور تیسرا خواب دیکھنے والے کے ذریعے۔اور جب کوئی نبی نبوت بیان کرتا یا خواب دیکھنے والا اپنا خواب بیان کرتا تو وہ اوریم وتمیم کے سامنے بیان کرتا اور یہ وہ سینہ بند تھا جو ہارون کا ہن سینہ پر باندھتا تھا۔اور اِس پر وہ بیش قیمت پتھر تھے جو بارہ قبیلوں کی نمائندگی کرتے تھے۔اور اگر وہ نبی یا خواب دیکھنے والا سچا ہوتا تو ایک مقدس روشنی اس سینہ بند پر اترتی تھی اور اسے اوریم وتمیم کہتے تھے۔خواہ کوئی بات کتنی بھی حقیقی لگتی تھی............

میں چاہتا ہوں کہ آپ یہ جان لیں۔خواہ کوئی بات جتنی بھی حقیقی لگتی تھی اگر وہ روشنی اوریم و تمیم پر نہیں چمکتی تھی،تو اس کا مطلب یہ ہوتا کہ خدا نے اس پیغام سے انکار کر دیا ہے۔بائبل مقدس کا ہر عالم اِس بات سے واقف ہے۔

E-9 اوریم وتمیم اب تمام ہو چکے اِس لئے کہ وہ کہانت اب ختم ہو چکی۔لیکن اب خدا کا اوریم وتمیم خدا کا کلام ہے۔کلام ہی اُس کا اوریم وتمیم ہے۔افسوس اُس پر جو اِس کتاب میں کچھ بڑھائے یا اِس میں سے کچھ نکال ڈالے۔یہ خدا کی ابدی سچائی ہے۔اور یہ ایسا دن ہے جب لوگ کہہ رہے ہیں ’’ہمیں بائبل کی ضرورت نہیں۔یہ پندرہ سے زیادہ مرتبہ ترجمہ ہو چکی ہے،ہم کیسے جان سکتے ہیں کہ یہ درست ہے؟‘‘ آسمان اور زمین تو ٹل سکتے ہیں لیکن خدا کا کلام کبھی نہ ٹلے گا۔ہر ایک تعلیم اور ہر ایک چیز جو بائبل کے علاوہ ہے اس کی بنیاد خدا کے کلام پر ہونی چاہیئے اسے کلامِ خدا میں سے ہونا چاہیئے۔صرف ایک مقام نہیں اسے پیدائش سے مکاشفہ تک ہر جگہ ایک ہی بات کہنی چاہیئے اس لئے کہ ہم اپنے نظریات کی بنیاد کسی ایک چھوٹے سے حوالے پر نہیں رکھ سکتے۔بائبل مقدس کہتی ہے’’دو یا تین گواہوں کے منہ سے ہر ایک بات ثابت ہو جاتی ہے‘‘۔

E-10 آپ کوئی حوالہ لے کر اُسی پر پکے ہو سکتے ہیں۔میں کلام میں سے کہہ سکتا ہوں’’یہوداہ نے خود کو پھانسی دی۔تم بھی ایسا ہی کرو‘‘۔لیکن یہ کلام کا درست میلان نہیں ہے۔یہ بات یہوداہ سے متعلق

تھی، آپ سے متعلق نہیں ہے۔

ہم آج شام سے ''خدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے'' کا مضمون شروع کر رہے ہیں جو دو تین دن جاری رہے گا۔ اُسے اپنے کلام کو قائم رکھنا ہے۔ خدا ہونے کے لئے اُسے ہر اُس بات کے ساتھ کھڑا ہونا ہو گا جو اُس نے اپنے کلام میں فرمائی ہے۔ اور عین اِسی بات پر میرا ایمان ٹھہرتا ہے یعنی خدا کے بولے ہوئے کلام پر۔

اب، آج شام ہمارا مضمون عہد یافتہ لوگوں سے شروع ہوتا ہے جو مصر تک قائم رہا۔ وہ ابھی تک کلامِ خدا کے مطابق انتظار کر رہے تھے جو ابرہام کے وسیلے بولا گیا تھا کہ اُس کی نسل اِس اجنبی ملک میں چار سو سال تک پردیسی رہے گی۔ لیکن اتنے طویل انتظار کے سبب، لوگ اب اصل معانی سے دُور ہو چکے تھے اور اب اُس دن کے ظاہر ہونے پر اُن کی نظریں نہیں تھیں۔ اور ایک اَور بات جو ہم کہہ سکتے ہیں، وہ یہ ہے کہ وہ اُس دن کے اس طرح ظاہر ہونے کے منتظر نہ تھے جس طرح وہ ظاہر ہوا۔ اور یہی معاملہ آج ہمارے ساتھ بھی ہے۔ ہم اپنے ذہن کسی بات پر ٹھہرا لیتے ہیں کہ خدا اپنے کاموں کو اِس طریقہ سے کرے گا جو ہم نے اپنے ذہن میں سوچ رکھا ہو۔ اور عام طور پر ہم غلطی پر ہوتے ہیں۔

خدا نے وعدہ کر رکھا تھا کہ اُنہیں رہائی دے گا۔ اور جب ایک غریب دیہاتی کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا تو شاید ہی کسی نے سوچا ہو گا کہ وہ اسرائیل کو آزاد کرانے والا تھا۔ مگر وہ تھا۔ اور جب اُن کے رہائی پانے کا وقت آیا تو وہ اُس راہنما کو پہچاننے میں ناکام ہو گئے جو اُنہیں نکال لے جانے والا تھا۔ اِس سے کیا ہوا؟ اس سے مزید چالیس سال گزر گئے قبل اِس کے جب خدا کلیسیا کو اُس حالت میں پائے جب اُنہیں باہر لایا جا سکے۔

E-11 میں اِس پر یقین رکھتا ہوں۔ میں غلطی پر بھی ہو سکتا ہوں کیونکہ میں بھی آپ کے جیسا انسان

ہوں ۔لیکن میرا ماننا ہے کہ خداوند کی آمد میں ابھی دیر ہے۔ میرا یہ اعتقاد کہ خدا ابھی نہیں آ سکتا اُس کی کلیسیا کی حالت کے سبب سے ہے۔ یہ بکھری ہوئی، تتر بتر اور ہر چیز جس کا سوچا جا سکتا ہے اِس میں خلط ملط ہو چکی ہے۔ایک ایسے وقت کے آنے کی ضرورت ہے جو اِسے پرانی طرز پہ ہلائے تاکہ یہ خدا کی کلیسیا بن جائے۔

جب ہم اُس دور پر نظر کرتے ہیں تو وہ ہمیں عین آج کے زمانہ کی تشبیہہ نظر آتا ہے۔اُن کے پاس کیا کچھ تھا ایک عہد کا صندوق، ایک نبی، ایک فرشتہ۔یعنی کلام، اُن کا نبی، اُن کا فرشتہ، ایک مقدس روشنی جو اُن کے آگے آگے چلتی تھی۔اور جب آخر کار وہ موسیٰ کی پیروی میں مصر سے نکلے............ اُنہیں درست حالت میں لانے کے لئے خدا کو چالیس سال لگ گئے۔اور اُن کے اختلافات اور نہ پہچاننے کے سبب اُن کے چالیس سال گزر گئے۔

E-12 بائبل مقدس کہتی ہے کہ نوح کے دنوں میں خدا نے بہت تحمل کیا۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ کوئی بشر ہلاک ہو۔اور اُس نے فرمایا تھا ''جیسا نوح کے دنوں میں ہوا، ویسا ہی ابن آدم کے آنے پر بھی ہوگا'' میرا ایمان ہے کہ خداوند کی آمد میں ابھی دیر ہے۔ اِس لئے کہ اُسے نوح کے دنوں میں بہت انتظار کرنا پڑا۔ بنی اسرائیل کو نکال لانے کے لئے اُسے بہت انتظار کرنا پڑا۔ میرا ایمان ہے کہ وہ تحمل کر رہا ہے، لیکن میرا یہ ایمان بھی ہے کہ اُس کے تحمل کی تہہ ہمارے لئے بہت باریک ہوتی جا رہی ہے۔

تھوڑی دیر ہوئی کہ کافی عرصہ کے بعد برادر ہوپر کے ساتھ میری ملاقات ہوئی اور وہ کہنے لگے ''برادر برنہم، اِس سے پہلے کہ آپ ایری زونا سے چلے جائیں میں چاہتا ہوں کہ ایک یا دو منٹ آپ کے ساتھ گزاروں کیونکہ یہ ہماری آخری ملاقات ہو سکتی ہے''۔ اِس سے لگتا ہے کہ کہیں پر کوئی روک لئے جانے کا وقت ہے میں ایسا خیال کرتا ہوں۔

E-13 اب، چالیس سال بعد آخر کار خدا نے اُنہیں اکٹھا کیا اور اُنہوں نے اُس نبی موسیٰ کو پہچان

لیا جو وہاں کلام کے ساتھ گیا تھا۔ اور مصر سے نکل آنے کی راہ پر، وہ خدا کے پیچھے چل رہے تھے......اور وہ ایسی جگہ آ گئے جہاں بے حس و حرکت ہو جانا تھا۔ اور بعد اِس کے کہ وہ مصر میں خدا کا جلال دیکھ چکے تھے جسے خدا نے نشانوں اور عجیب کاموں کے ساتھ ظاہر کیا تھا جب اُنہوں نے دیکھا کہ ناگزیر وقت آ گیا ہے جب فرعون کی فوج اُن کا تعاقب کر رہی تھی اور بحرِ قلزم نے اُن کے بیچ علیٰحدگی پیدا کر دی بیابانوں نے اُن کے بیچ علیٰحدگی پیدا کر دی ......اوہ، یہ کیسی گھڑی تھی! لیکن ایسا لگتا تھا کہ خدا کی خوشنودی اِس بات میں تھی کہ وہ اپنے فرزندوں کو ایسی حالت میں لائے۔ یہ عجیب بات ہے کہ خدا اپنے فرزندوں کی کس طرح سے راہنمائی کرتا ہے۔

E-14 جیسا کہ کسی شاعر نے کہا تھا

کچھ پانیوں سے گزرتے ہیں
کچھ سیلابوں سے گزرتے ہیں
کچھ بڑی بڑی آزمائشوں سے گزرتے ہیں
مگر سب ہی خون سے گزرتے ہیں

اپنے فرزندوں کی راہنمائی کرنے کے لئے خدا کے پاس عجیب اور خاص طریقہ ہے۔ اور کسی نوزائیدہ بچے کے لئے یہ کس قدر عجیب ہے............

وہ گناہ کے اُس وسیع بیابان سے نکل کر آئے اور اُن کو یہاں تک لایا گیا اور پھر علیٰحدگی پیدا ہوگئی۔ ایسے لگتا ہے کہ پوری فطرت اُن کے لئے ماتم کناں ہوگی۔

لیکن خدا کی راہ اُنہیں بحرِ قلزم کے بیچ سے گزار رہی تھی۔ وہ فیصلہ کن گھڑی کیسی خوبصورت تھی............اوہ، میں اِس کے لئے خدا سے محبت کرتا ہوں۔ خدا ایسی فیصلہ کن گھڑی کا انتظار کرتا ہے لیکن وہ بولتا ہے اور اُس کے کلام کے مطابق چیزوں کا ڈھیر بنتا جاتا ہے۔ اُس نے وعدہ کر رکھا تھا کہ

اُنہیں وعدہ کی سرزمین میں لے جائے گا اور وہ اپنے کلام کا پابند ہوتا ہے۔ یہ فیصلہ کن لمحہ بہت بڑی تاریکی ہوتا ہے۔ اِس کی نشاندہی کر دینا خدا کے لئے کس قدر آسان تھا۔ وہ اپنے آگ کے ستون کو چلا کر لے گیا اور مصریوں کے راستہ میں جا کھڑا کیا اور یہ بنی اسرائیل کے لئے روشنی مگر مصریوں کے لئے تاریکی تھا۔

E-15 اور میرے بھائیو، اب بھی یہی ہونے والا ہے۔ ایسا مقام آنے والا ہے کہ جنہوں نے مسیح کو رد کیا اُن کے لئے وہ تاریکی بن جائے گا اور جو اُسے قبول کرتے ہیں اُن کے لئے روشنی شروع ہو چکی ہے۔ پار ہونے سے پہلے ہم اُسی دن میں رہ رہے ہیں۔ اور کیا آپ نے ملاحظہ کیا کہ خالق خدا کے لئے یہ کس قدر آسان کام تھا کہ وہ پوربی آندھی بھیجے اور بحرِ قلزم کو چیر ڈالے اور اپنے فرزندوں کو اُس میں سے پار لے جائے؟

بحرِ قلزم خوفزدہ ہو گیا اور دیواروں کی طرح کھڑا ہو گیا کیونکہ خدا کی راہ اُس کے درمیان سے راہنمائی کر رہی تھی۔ خدا کے کام کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ اگر لوگ......

وہ لوگ جو اُس کے کلام کو تھامے ہوئے تھے، جو روشنی میں چل رہے تھے آگے بڑھ رہے تھے خدا کے احکام کی پیروی کر رہے تھے اُن کے لئے سب کچھ کھلتا گیا۔ اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے لئے بھی سب چیزیں کھل جائیں تو خدا کو اُس کے کلام کے مطابق لیں اور آگے بڑھتے چلے جائیں۔

E-16 ہم اب سمجھتے ہیں کہ وہ قادس برنیع کے مقام پر پہنچے۔ یہ تمام بنی اسرائیل کے لئے عدالت یا آزمائش کا مقام ٹھہرا۔ اور خدا اپنے فرزندوں کو اپنے کلام سے آزماتا ہے۔ کیا آپ نے یہ سن لیا؟ خدا اپنے فرزندوں کو اپنے کلام سے آزماتا ہے۔ اگر آپ خدا کے کلام پر ایمان رکھتے ہیں تو وہ آپ کو اپنے کلام سے آزمائے گا۔

اگر آپ غور کریں تو ایسا وقت بھی آیا جب آگے جا کر اُس سرزمین کی جاسوسی کرنا تھی۔اور جب اُنہیں اُس ملک کی جاسوسی کرنے کو بھیجا گیا اور وہ بارہ افراد واپس آئے تو اُن میں سے دس نے کہا ''ہم اُس پر قبضہ نہیں کر سکتے۔ ہمارا اُن پر قبضہ کرنا ممکن نہیں کیونکہ تمام شہر فصیل دار ہیں اور ہم اُن جباروں کے سامنے ٹڈوں کی مانند دکھائی دیتے ہیں''۔

لیکن اُن میں سے دو نے کہا ''ہم اس پر قبضہ کر سکتے ہیں''۔وہ یشوع اور کالب تھے۔

E-17 اور عزیزو، میں چاہتا ہوں کہ آپ ملاحظہ کریں کہ یشوع اور کالب کی نظر کسی اور چیز پر تھی جبکہ باقی دس کسی اور چیز کو دیکھ رہے تھے۔وہ دس حالات کو دیکھ رہے تھے جبکہ کالب اور یشوع خدا کے کلام کو دیکھ رہے تھے۔اُنہوں نے کہا ''ہم اِس پر قبضہ کر سکتے ہیں، اور ہم قبضہ کرنے کے اہل ہیں کیونکہ خدا نے کہا تھا کہ ہم ایسا کر سکتے ہیں''۔

اور میں آج شام ویسی ہی سختی سے ایمان رکھتا ہوں جیسی سختی سے میں نے اور رویا دیکھنے والے دیگر خادمین نے منادی کی ہے۔میں آج بھی ایمان رکھتا ہوں کہ کوئی ایسا راستہ ہے کہ ہم جدائی کی دیواروں کو گرا سکتے ہیں اور خدا کی تمام کلیسیاؤں کو برادرانہ رفاقت میں ایک کر سکتے ہیں۔میں نہیں جانتا کہ یہ کیونکر ہوگا لیکن خدا نے فرمایا تھا کہ وہ ایسی کلیسیا حاصل کرے گا جو بے الزام، بے داغ اور بے شکن ہوگی۔اور وہ اِس کو حاصل کرنے والا ہے۔میں یہ ایمان رکھتا ہوں۔

E-18 پھر اُن کے پاس ایک جھوٹا نبی آ گیا۔جب لوگ سچائی کو قبول نہیں کرتے، خواہ وہ اقلیت میں ہی کیوں نہ ہوں، اُن کے درمیان کوئی جھوٹا نبی اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔بائبل مقدس کہتی ہے کہ آخری دنوں میں جھوٹے نبی اٹھ کھڑے ہوں گے،لوگ کانوں کی کھجلی کے باعث بہت سے استاد بنالیں گے اور اپنے کانوں کو حق کی طرف سے پھیر کر کہانیوں پر متوجہ ہوں گے۔

اب، خدا کو اپنا کلام قائم رکھنا ہوتا ہے اُسے ایسا کرنا لازم ہے۔وہ سچائی سے پھر گئے اور

کہانیوں پر توجہ کی............اور آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں کہ اُنہوں نے قورح نامی ایک اور آدمی چن لیا۔ اور قورح کے لئے جہاں تک ممکن ہوا اُس نے بہت سے لوگوں کو اپنے ساتھ ملا لیا اور باقیوں سے الگ ہو کر اُس نے اپنی چھوٹی سی تنظیم شروع کر لی اور کہا ''موسیٰ کے علاوہ اور بھی نبی ہیں۔ اور بھی مقدس لوگ ہیں۔ ہم سب مقدس لوگ ہیں۔ اور ہم بھی اِس پر ایمان رکھنے کا اُتنا ہی حق رکھتے ہیں جتنا موسیٰ اور ہارون رکھتے ہیں''۔ لیکن میرے بھائیو، یہ شروع ہی سے جھوٹ تھا۔

E-19 خدا ایک منصوبہ رکھتا ہے اور اُس کا منصوبہ اُس کے کلام میں درج ہے۔ اور اُس کا کلام کہتا ہے کہ ہمیں ایک ہونا چاہیئے، نہ کہ جدا جدا، منقسم، جھگڑے، الجھنیں ہوں بلکہ ہم سب کو ایک ہونا چاہیئے۔ مسیح نے دعا کی تھی کہ ہم ایک ہوں اور فرمایا تھا ''اگر تم ایک دوسرے سے محبت رکھو گے تو اسی سے سب لوگ جانیں گے کہ تم میرے شاگرد ہو''۔

نعمتیں اور نشان کلیسیا میں کس طرح کام کر سکتے ہیں؟ خدا اپنی کلیسیا کو کیونکر کامل کر سکتا ہے جب ہمارے درمیان اتنے زیادہ اختلافات ہیں؟ ایسا کیونکر ہو سکتا ہے جب کوئی ایک کچھ کہتا ہے، دوسرا کچھ اور کہتا ہے اور کوئی کچھ اَور بیان کرتا ہے سب ایک دوسرے کی تردید کرتے ہیں۔ ایک ہی منصفِ اعلیٰ ہے، اور وہ ہے خدا کا ہمیشہ قائم رہنے والا کلام۔ اور خدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے۔ ہم جتنی جلدی اپنی مطابقت اُس کے کلام کے مطابق بنالیں ہمارے لئے اُسی قدر بہتری ہوگی۔ خدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے۔

E-20 اب، اگر آپ غور کریں کہ یہ مسئلہ کس سبب سے پیدا ہوا اس لئے کہ اُن کے ساتھ ایک ملی جلی بھیڑ چل پڑی تھی۔ مافوق الفطرت کام مصر میں ہوئے تھے۔ اور جب مافوق الفطرت کام ہوئے تو ہر کوئی بھاگا آیا اور اِس سبب سے ایک ملی جلی بھیڑ اُن کے ساتھ چل پڑی نئی پیدائش سے محروم، غیر تبدیل شدہ دل اُن کے ساتھ چل نکلے جو حقیقی ایمانداروں کی نقالی کر رہے تھے۔ اور جیسا نوح کے

دنوں میں ہوا ویسا ہی مسیح کی آمد کے دنوں میں بھی ہو گا خدا کے کلام میں یہ نبوت کی گئی ہے کہ آج کے دن ایسا ہی ہو گا۔ مافوق الفطرت کام ہوئے ہیں۔ اور ایک ملی جلی بھیڑ جس میں نئے سرے سے پیدا ہونے کے تجربہ سے نابلد، غیر تیار شدہ دل جمع ہو گئے ہیں جو خدا کے کلام کو قائم نہیں رکھتے، بلکہ کسی چیز کی نقل کر رہے ہیں۔

لوتھرن لوگو، آپ کو کیا ہو گیا؟ کئی سال قبل، پہلی اصلاح کے وقت آزادی کی مشعل آپ لوگوں کے ہاتھوں میں تھی۔ آپ خدا کی روشنی تھے، مگر آپ کو کیا ہو گیا؟ کیونکہ آپ نے بائبل مقدس میں سے پڑھا ''راستباز ایمان سے جیتا رہے گا''، اور آپ نے اُسی ایک نوشتے پر خود کو منظّم کر لیا اور ایک الگ گروہ بن گئے اور خدا نے مشعل آپ کے ہاتھ سے لے لی۔ یہ درست ہے کہ راستباز ایمان سے جیتا رہے گا مگر اِس کے علاوہ اور نوشتے بھی تو ہیں۔

E-21 اے میتھوڈسٹ لوگو، آپ کو کیا ہو گیا؟ جان ویسلی کے دنوں میں، جب وہ بہت بڑی بیداری لے کر آیا جس کے سبب انگلستان بچ گیا، جب ویسلی اور آسبری اور بہت سے دیگر افراد جو اِس ملک کی تاریخ میں عظیم ترین بیداری پر کام کر رہے تھے، تب روشنی کی مشعل آپ کے ہاتھ میں تھی۔ لیکن جان ویسلی کے چلے جانے کے بعد کیا ہوا؟ آپ نے سیمنری کے طُلباء کا گروہ تیار کر لیا ہے جنہوں نے بہت بڑا گروہ منظّم کر لیا ہے، اور آپ لوگوں نے اپنی تعلیم تقدیس پر رکھ لی ہے اور اب اس کا انکار کر رہے ہیں اور خدا نے روشنی کی مشعل آپ کے ہاتھ سے لے لی ہے۔ ٹھیک۔

اور کیلیفورنیا میں کسی ایک آنکھ والے حبشی نے روح القدس کا بپتسمہ حاصل کر لیا اور خدا نے مشعل پنتی کاسٹلوں کے ہاتھ میں دے دی۔ لیکن پھر کیا ہوا؟ مشعل آپ کے ہاتھ میں تھی لیکن آپ نے بھی ایک مسئلہ بنا لیا جس طرح باقی سب نے کیا تھا۔ آپ بھی ٹھہر گئے اور خدا نے روشنی کی مشعل آپ کے ہاتھ سے بھی لے لی ہے۔ آپ بکھرنا شروع ہو گئے۔ پہلا کام جو خدا نے کیا وہ نعمتوں کی

بحالی تھی۔ اُس نے غیر زبانیں بولنے سے آغاز کیا اور آپ نے غیر زبانیں بولیں۔ پھر آپ نے اسے تعلیم بنالیا اسے ابتدائی نشان قرار دیا کہ جس کسی نے غیر زبان نہیں بولی اُسے روح القدس نہیں ملا، اور جتنے غیر زبانیں بولتے ہیں اُنہوں نے روح القدس پالیا۔ یہ سب درست ہے لیکن آپ نے اسے تعلیم بنادیا اور خدا نے وہ چیز آپ کے ہاتھ سے لے لی۔

E-22 اس کے بعد وحدانیت کا معاملہ سامنے آ گیا۔ اُنہوں نے یسوع کے نام میں بپتسمہ دینا شروع کیا۔ یہ بالکل درست تھا کیونکہ یہ بائبل کے اندر موجود ہے۔ لیکن پھر کیا ہوا؟ آپ نے بھی اس میں سے مسئلہ نکال لیا۔ اور اب آج رات آپ کہاں پر ہیں؟ آپ نے بھی کچھ اضافی چیزیں شامل کر لیں۔ آپ نے مشعل پر گرفت قائم نہ رکھی اور منظّم ہو گئے اور اُس کے بعد آپ کو کچھ عرصہ ہی ملا اس سے یہ طے ہے۔

خدا نے بین الکلیسیائی کام کرنے والوں میں الٰہی شفا کا کام شروع کیا اور آج شام کیا واقع ہوا ہے؟ بھائیو، اُنہوں نے بھی اِس میں سے مسئلہ نکال لیا، اور اب اُنہوں نے خیالی چیزوں پر اپنی تنظیم قائم کر لی ہے، اور اب یہ چیز بھی ایسے مقام پر آ گئی ہے جہاں سب اقسام کے ذہنی احساس ہیں۔ میں ویسٹ کوسٹ جا رہا ہوں، مجھے امید ہے کہ مجھے وہاں سے ٹھوکر نہیں لگے گی۔ لیکن خدا رحم کرے ہر چیز جو آپ سوچ سکتے ہیں جو کیلنڈر میں تو ہو سکتی ہے لیکن خدا کی بائبل میں نہیں ہے، تمام قسم کے نظام خیالی چیزیں اور پنتی کاسٹل تحریک نے اپنا دھیان نظاموں اور جوش پر لگا لیا ہے۔ اور خدا الٰہی شفا کو اُن سے جھپٹ لے گا کیونکہ وہ کوئی حقیقی چیز ایسی جگہ پر نہیں رکھ سکتا جس کی کوئی بنیاد نہ ہو۔ خدا کا کلام اُس کے لئے بنیاد ہے۔

E-23 میرے عزیزو، حیرت کی بات نہیں کہ پنتی کاسٹل لوگ محروم ہوتے جا رہے ہیں۔ چند سال قبل وقت آیا تھا کہ آپ نے روشنی کی مشعل لہرائی لیکن اب صرف دو گروہ رہ گئے ہیں۔ اُن میں سے

ایک کلف لگی رسومات کے ڈھیر کی طرف چلا گیا ہے۔ جو کچھ آپ کرتے ہیں وہ پرسبٹیرین لوگوں جیسا ہی ہے کہ آپ گرجا گھر جاتے ہیں اور پھر آپ کو گھر واپس جانے کی جلدی ہوتی ہے کیونکہ آپ نے ''جو سوزی سے محبت کرتا ہے'' کا پروگرام ٹیلی ویژن پر دیکھنا ہوتا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ یہ سچ ہے۔

آپ نے کچھ حاصل نہیں کیا ماسوائے اپنی کلیسیا میں کھیل کود یخنی کے عشائیوں کے۔ اور آپ جانتے ہیں کہ یہ سچ ہے۔ اور خدا کسی ایسی چیز کو جہاں الجھن کے سوا اور کچھ نہ ہو، بنیاد نہیں بنا سکتا۔ اور دوسرا گروہ ہر چیز کی گہرائی میں چلا گیا ہے جس میں طرح طرح کے نظام، عادی پن، جوش، بنیاد پرستی، یعنی ہر وہ چیز جو محسوسات اور جذباتیت کے راستہ میں آ سکتی تھی۔ اگر ابلیس آپ کو سچائی نظر نہ آنے دے تو وہ آپ کو کسی نہ کسی گہری انتہا کی طرف دھکیل لے جائے گا۔

E-24 ڈاکٹر رائے وِیڈ جو انڈیانا ریاست میں اسمبلی آف گاڈ کا سربراہ ہے اور میرا دلی دوست اور بھائی ہے۔ اور زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ برادر وِیڈ بول رہا تھا اور وہ جانتا تھا کہ میں شاہراہ کے درمیان میں رہتا ہوں کیونکہ میں خیالی بنتا ہوں نہ ظاہری بلکہ خدا کے خالص کلام کے ساتھ کھڑا ہوتا ہوں اور اِس ٹھوس بنیاد پر تعمیر کیا گیا ہوں اور کوئی بھی بات قبول نہیں کرتا جب تک خدا کے کلام سے اُس کی تصدیق نہ ہو۔

میں نے اُسے شاہراہ کے درمیان والی بات بتائی تھی۔ حال ہی میں مسیحی تاجروں کے کنونشن میں برادر وِیڈ نے کہا، میرا خیال ہے کہ اُسے میری موجودگی کا علم نہ تھا اُس نے کہا ''میں نے بھائی برنہم کو سڑک کے درمیان کہتے سنا ہے۔ اور بلاشبہ آپ جانتے ہیں کہ یہ اچھا طریقہ نہیں ہے۔ جو شخص سڑک کے درمیان میں چلے گا کچلا جائے گا''۔

E-25 کچھ دیر بعد تقریب کے سربراہ نے کہا ''برادر برنہم، کیا آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟'' میں نے کہا ''جی ہاں، یقیناً''۔ اور میں نے کہا ''بھائیو، یہ برادران زمین سے یوں بندھے

ہوئے ہیں کہ یہ اُس بلندی تک کبھی پرواز نہ کر سکیں گے کہ ''خداوند یوں فرماتا ہے'' کو دیکھ سکیں''۔

یہ شاہراہ جس پر ہم سفر کر رہے ہیں یک رویہ ہے اِس پر آپ واپس نہیں جا سکتے۔ یا تو آپ خدا کے ساتھ چلتے رہیں گے، یا گہرے گڑھے میں گر جائیں گے خواہ اِس طرف، خواہ اُس طرف۔ اِس پر چلنے کا ایک ہی طریقہ ہے............

بھائیو، ہمیں یہ دکھاوے کی چیزیں نہیں چاہئیں جو آج ہمیں میسر ہیں اور ہمیں مذہبی جنون بھی نہیں چاہیئے جو آج کل نظر آتا ہے۔ حقیقی روح القدس بکثرت موجود ہے۔ آسمان اِس سے بھرپور ہیں اور آسمان پر جانے کے لئے متبادل کے طور پر ہمیں کسی ذہنی محسوسات کو قبول کرنے کی ضرورت نہیں جبکہ خدا کا کلام کہتا ہے کہ آپ ایسا نہیں کر سکتے۔ کوئی نعم البدل قبول کرنے کا فائدہ کیا ہے کسی کلیسیا کی رکنیت لینے اور کتاب میں اپنا نام درج کروانے سے یا کسی ایسی جگہ چلے جانے سے جہاں آپ کسی ایسی چیز سے منسلک ہو جائیں کہ آپ پاؤں کے بل اچھلیں کودیں، یا آپ کے ہاتھوں سے تیل ٹپکنے لگے، یا چہرے خون آلود ہو جائیں یا ایسی اور کوئی چیز، جبکہ یہ سب کچھ عالمِ ارواح سے آیا ہے؟ یہ خدا کے کلام میں موجود نہیں۔ آپ میرے مردِ خدا ہونے کا یقین کریں میری باتیں قبول کریں اور ایسی چیزوں سے بچیں۔

E-26 بائبل مقدس کہتی ہے کہ آخری ایام میں مخالفِ مسیح برگزیدوں کو بھی گمراہ کرنے کی کوشش کرے گا، اگر ایسا ممکن ہو۔ اگر آپ میرے ساتھ افریقہ کے جنگلوں میں گئے ہوتے اور اُن بت پرستوں کو دیکھتے کہ وہ کس طرح اپنے ہاتھوں پر خون پیدا کر لیتے ہیں اور اُسے کسی کھوپڑی میں ڈال کر پی جاتے ہیں تو آپ اِس معاملہ کو بخوبی سمجھ جاتے۔ یقیناً۔ میں نشانوں اور عجیب کاموں پر ایمان رکھتا ہوں لیکن ان کو خدا کے نشان اور عجیب کام ہونا چاہیئے۔

تمام وقتوں کے اتصال پر جس پر میں کچھ دنوں بعد بولنا چاہتا ہوں ............ بھائیو، یہ غور

سے سنئیے۔ جب پورا آسمان کھلتا ہے تو اس کے ساتھ ہی پورا عالمِ ارواح بھی کھلتا ہے۔ بائبل مقدس کہتی ہے کہ آخری دنوں میں لوگ کہیں گے ''دیکھو، وہ بیابان میں ہے۔ دیکھو، وہ یہاں ہے۔ دیکھو، وہ وہاں ہے'' اور اس کے ساتھ تمام قسم کے نشان اور عجیب کام ہوں گے۔ لیکن اُس نے فرمایا ''لیکن تم یقین نہ کرنا کیونکہ جیسے بجلی مشرق سے کوند کر مغرب تک دکھائی دیتی ہے ویسا ہی ابنِ آدم کا آنا ہوگا''۔ ہر آنکھ اُسے دیکھے گی، ہر گھٹنا اُس کے آگے جھکے گا اور ہر زبان اُس کا اقرار کرے گی۔ یقیناً۔ آخری دنوں میں ایسا ضرور ہوگا۔

E-27 بچو، بائبل مقدس کہتی ہے ''جس طرح ینیس اور یمبریس (مصر کا دو سروں والا دیوتا) نے موسیٰ کی مخالفت کی تھی اُسی طرح یہ لوگ بھی حق کی مخالفت کرتے ہیں۔ یہ ایسے آدمی ہیں جن کی عقل بگڑی ہوئی ہے اور وہ ایمان کے اعتبار سے نامقبول ہیں''۔

''اے باپ، اُنہیں سچائی کے وسیلہ سے مقدّس کر، تیرا کلام سچائی ہے''۔ ہمیں کسی جعلی چیز کی ضرورت نہیں جب خدا کی حقیقی چیز ہمارے لئے موجود ہے۔ ہمیں ضرورت نہیں............

چند ماہ پیشتر میں لاس اینجلس میں ایک خادم سے گفتگو کر رہا تھا جب ایک............

ایک عورت کو مصر سے لانے کی بات ہو رہی تھی۔ اور ٹھیک عقل کے ساتھ کوئی بھی شخص جان سکتا ہے کہ......؟......ہم اُنہیں اپنے شہر میں لے آئے ہیں۔

چارلس ٹاؤن انڈیانا میں ایک عورت رہتی ہے جو نامی گنہگار اور شرابی ہے۔ وہ ہر مہینے یعنی ہر اٹھائیس دن بعد اپنے ہاتھوں سے خون جاری کرتی ہے۔ جب میں روم کے شہر ویٹیکن گیا تو اُن کے پاس اِس طرح کے درجنوں لوگ موجود تھے۔ یقیناً۔

E-28 اور جب اُس خادم نے یہ کہا کہ اُس عورت کے ہاتھوں سے نکلنے والا تیل یا خون لوگوں کو شفا دے گا، اور وہ اُسے اپنے چہروں پر لگا لیں اور اُس نکلنے والے خون سے قوموں کے لئے نجات ہوگی

میں نے اُس خادم کو باہر بلا لیا اور کہا ''میرے عزیز بھائی، میں آپ سے پیار کرتا ہوں لیکن آپ نے اپنی خدمت ذہنی احساسات پر تعمیر کی ہے اور اِس کا انجام نیستی پر ہوگا''۔ میں نے کہا ''اگر میں آپ کی نسبت انجیل کی آدھی منادی کر پاتا، تو بھی میں ایسی چیز کا ذکر تک نہ کرتا''۔ یہ سچ ہے۔ میں نے کہا ''اگر اِس تیل یا خون میں نقطہ برابر بھی خوبی ہو تو خداوند یسوع مسیح کے خون کا کیا بنے گا؟'' یہ مسیح سے دُور لے جانے والی چیز ہے جو کہ مخالفِ مسیح ہے، اُس کے خلاف ہے۔

اگر کوئی چیز آپ میں سے نکلتی ہے تو ظاہر ہے کہ یہ بدنی ہے۔ اگر کسی رویا میں خون آتا ہے اور آپ کے ہاتھوں پر گرتا ہے تو پھر وہ مسیح کا انسانی بدن ہے پھر مسیح آ چکا۔ رویا یقیناً ہو سکتی ہے، لیکن کوئی بدنی چیز نہیں ہوتی۔ اگر آپ کے اندر سے مینڈک نکلتا ہے تو وہ آپ کے اندر گیا ہوگا۔ یہ سچ ہے۔ میں غصے میں نہیں ہوں خدا کا خادم ہو کر میں غصہ نہیں کر سکتا۔ لیکن جو چیز مجھے مجبور کرتی ہے وہ یہ دیکھنا ہے کہ اِن باتوں نے خدا کے فرزندوں کو پست کر دیا ہے۔

E-29 مسلک کس طرح شروع ہوتے ہیں؟ بھوکے بچے کھانے کو کچھ تلاش کر رہے تھے۔ اور سست خادمو، اگر آپ اُنہیں انجیل نہیں دیں گے تو وہ کچرے کے ڈبے سے کچھ کھا لیں گے۔ یہ سچ ہے۔ میں اِسے خادموں پر لاتا ہوں۔ یہ درست ہے۔ اگر آپ اُنہیں زندگی کی روٹی نہیں دیں گے تو وہ کچرے کے ڈبے سے کوئی فضلہ لے کر کھا جائیں گے۔

یہ سچ ہے۔ اِس کے لئے کوئی نوشتہ نہیں ہے بائبل اِسے مجرم ٹھہرا رہی ہے کہ ایسی کوئی چیز موجود نہیں ہے۔ یسوع اپنے سر پر داغوں کے ساتھ ظاہر نہیں ہوتا۔ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو پھر وہ آ گیا ہے پھر ہر گھٹنا اُس کے آگے جھک چکا اور ہر زبان اُس کا اقرار کر چکی ہے۔ لیکن بائبل مقدس کہتی ہے کہ لوگ کہیں گے ''دیکھو، وہ بیابان میں ہے (یہ فینکس، یا کچھ بھی اَور ہو سکتا ہے)، لیکن اس کا یقین نہ کرنا۔ دیکھو وہ کوٹھڑیوں میں ہے، تو اس کا یقین نہ کرنا''۔

بائبل مقدّس کہتی ہے کہ اُس روز بہتیرے اٹھ کھڑے ہوں گے اور کہیں گے ’’خداوند، کیا میں نے تیرے نام سے بہت سے معجزے نہیں دکھائے؟ کیا میں نے تیرے نام سے نبوت نہیں کی؟ کیا میں نے تیرے نام سے بڑے بڑے کام نہیں کیئے؟‘‘

اُس نے فرمایا’’اُس وقت میں اُن سے کہوں گا میں تم کو نہیں جانتا۔اے بدکردارو، مجھ سے دُور ہو جاؤ‘‘۔

E-30 بھائیو، جب تک کسی آدمی کے دل کے اندر کچھ نہیں ہوا جو اُسے تبدیل کرتا ہے............اگر مجھے علم ہوتا کہ بیماروں کے لئے دعا شروع ہوگئی ہے اور وہ اِس طریقہ سے کام کرتی میں معافی چاہتا ہوں اگر میں نے کبھی اِس کا ذکر کیا ہو۔لیکن میں جانتا ہوں کہ خدا کا حقیقی روح موجود ہے جو بیماروں کو شفا دیتا ہے۔اور میں جانتا ہوں کہ ابلیس ہر جگہ اِس کی نقالی کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔اِس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ کہیں کوئی اصلی چیز موجود ہے اور وہ کسی آدمی کے بدن سے نکلنے والے تیل سے نہیں آتی نہ یہ کسی خون سے آتی ہے، نہ ہی یہ کسی آدمی میں سے نکلتی ہے۔یہ کلوری پر مکمل کیا ہوا کام ہے، اور آپ کا ایمان اُس مکمل شدہ کام پر ہے۔اگر ہر ضروری کام کلوری پر ہو چکا ہے، اگر ہر وہ کام جس کا خدا نے وعدہ کیا تھا کلوری پر تمام کیا جا چکا ہے تو پھر یہ ایک مکمل شدہ چیز ہے جس پر آپ کو فقط یقین کے ساتھ ایمان رکھنا ہے، اس کے ساتھ آپ کو اور کسی چیز کی ضرورت نہیں۔یہ درست ہے، کتنی بڑی سچائی ہے۔

اِس کلام کے ساتھ کھڑے رہئے۔خدا نے فرمایا تھا کہ یہ باتیں واقع ہوں گی۔اب وہ ہمارے سامنے ہیں۔ہم اُنہیں دیکھ رہے ہیں اُن پر نظر کر رہے ہیں۔

E-31 اگلے روز فینکس ایری زونا کے لئے میرے گھر سے نکلنے سے پہلے دو گھنٹوں سے کم وقفے میں تیس فون کالیں آئیں جو اٹلانٹا، جارجیا، برمنگھم، الاباما اور دیگر بہت سی جگہوں سے تھیں۔خادم کہہ

رہے تھے ''برادر برنہم ، ویسٹ کوسٹ کا طریق تمام ملک میں پھیل گیا ہے۔فینکس کو چھوڑ یئے اور یہاں آ یئے۔یقیناً لوگ آپ کی سنیں گے،اگرایسا نہ ہوا تو ہماری کلیسیائیں برباد ہو جائیں گی''۔

میں نے کہا''میرے بھائی میں نہیں آ سکتا میں نےفینکس جانے کا وعدہ کر رکھا ہے۔لیکن آپ خدا کے بندہ کی حیثیت سے پلپٹ پر جائیں اور خدا کے اُس کلام کو لیں''میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں۔وہ کسی غیر کے پیچھے نہ جائیں گی''۔یہ سچ ہے۔

اوہ، کمسن بچو، یہ کیا ہو گیا ہے؟ ہم پست کناروں میں گر گئے ہیں۔آیئے کلام کے اندر کھڑے رہیں۔آئندہ ہفتہ کے دوران ہم اسی میں داخل ہونے والے ہیں۔

اپنے آپ کو مسیح میں قید کر لیں اُس کے ساتھ کھڑے رہیں۔کیا آپ نہیں جانتے کہ وہ وقت آ رہا ہے بائبل مقدس کہتی ہے''وہ مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب کی طرف بھاگیں گے کہ کلام کو تلاش کر سکیں لیکن نہ پائیں گے''؟ کیا آپ محسوس نہیں کرتے کہ ہم آخری دنوں میں ہیں؟ کیا آپ محسوس نہیں کرتے کہ اِن باتوں کو آخری دنوں ہی میں واقع ہونا ہے؟ ہم اُسی وقت میں ہیں۔خدا اپنے کلام کو قائم رکھتا ہے۔

E-32 اور مکاشفہ 21 باب میں بائبل مقدس کہتی ہے کہ یہ مخالفِ مسیح تحریک............کسی جگہ لکھا ہے کہ اگر ممکن ہوا تو وہ برگزیدوں کو بھی گمراہ کریں گے۔برگزیدہ کیا ہے؟ پنتی کاسٹلوں کے ساتھ ملی جلی بھیڑ ہے جیسے اسرائیلیوں کے ساتھ تھی۔مافوق الفطرت کام ہو چکے اور اُن کے ساتھ ملی جلی بھیڑ چل پڑی ہے جو کسی بھی قسم کا غلیظ پانی پی لیں گے۔یہ سچ ہے۔یسوع نے کہا تھا''انسان صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہے گا بلکہ ہر اُس لفظ سے جو خدا کے منہ سے نکلتا ہے''۔بائبل کہتی ہے کہ اِن دنوں میں ملی جلی بھیڑ ہو گی اور یہ کیسی ہو گی،اس کو دیکھنے کے لئے ہی ہم زندہ ہیں اور یہ اِس وقت موجود ہے۔

اب غور کریں کہ اُس نے پیشتر سے کیا کہا تھا کہ اگر ممکن ہو تو وہ برگزیدوں کو بھی گمراہ کریں

گے۔یسوع مسیح بنائے عالم سے بھی پہلے ذبح کیا ہوا برّہ تھا۔کیا آپ اِس پر ایمان رکھتے ہیں؟ ٹھیک ہے۔ابتدا میں جب خدا نے نگاہ کی اور دیکھا کہ کیا واقع ہونے والا تھا تو اُس نے ذبح شدہ برّے کا ذکر کیا اور خدا کے کلام کی تصدیق ہمیشہ آسمان پر ہوتی ہے اور خدا کے کلام کے مطابق برّہ بنائے عالم سے پیشتر ذبح ہو چکا تھا۔کیا یہ درست ہے؟ لیکن چار ہزار سال تک یہ واقع نہ ہوا۔لیکن یہ پہلے ہی سے ایک تکمیل شدہ کام تھا۔یہ خدا نے کہا تھا۔اور بائبل مقدس کہتی ہے کہ آپ جو نئے سرے سے پیدا ہوئے اور آج شام اِس گرجا گھر میں بیٹھے ہیں......

E-33 شاعر کے لئے یہ کہنا کس قدر اعلیٰ ہے کہ آج رات جلال میں ایک نیا نام لکھا گیا ہے۔لیکن بائبل مقدس کہتی ہے کہ جس کسی نے بھی نجات پائی اُس کا نام بنائے عالم سے پیشتر سے ہی برّہ کی کتابِ حیات میں لکھا تھا۔جب برّہ ذبح ہوا تو آپ اُس کے ساتھ منسلک تھے۔پھر آپ اِس سے متعلق کیا کرنے جا رہے ہیں؟ ''وہ سب جو میرے پاس آتے ہیں کوئی میرے پاس اُس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک میرا باپ اُسے کھینچ نہ لے''۔وہ پہلے ہی سے چنے ہوئے ہیں۔

مکاشفہ 13 باب میں بائبل مقدس کہتی ہے ''اور مخالفِ مسیح نے روئے زمین کے اُن تمام لوگوں کو گمراہ کر لیا جن کے نام بنائے عالم سے پیشتر برّہ کی کتابِ حیات میں نہیں لکھے تھے''۔

ان نشانوں اور عجیب کاموں کے ساتھ آپ میرے ہمراہ ہندوستان تک جانا چاہتے ہیں غور سے دیکھ لیجئے۔آپ تیل اور خون دیکھنا چاہتے ہیں اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے جوتے اتار کر جلتی آگ میں سے گزریں اور پھر واپس آئیں تو اُن کے بدن پر کہیں جھلسنے کا نشان تک نہ ہو گا۔میں ایک ایسے شخص کو بھی دیکھ چکا ہوں جس نے تلوار لی، اُسے اپنے دل پر رکھ کر گھونپ دی اور ڈاکٹر نے سٹیج پر آ کر دیکھا..........اُنہوں نے پانی لے کر اُس سوراخ میں ڈالا اور وہ اُس کے اندر چلا گیا اور واپس بھی آیا۔اور وہ آدمی اٹھ کھڑا ہوا اور اچھلنے کودنے اور بلند آواز سے چلّانے لگا۔

E-34 ایک اسلامی عبادت گاہ میں انبیاء کی عید کے موقع پر، ایک آدمی وہاں بیٹھا ''اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ، اللہ'' کا ورد کئے جا رہا تھا اور وہ ایسے جوش میں آ گیا کہ اُس نے لکڑی کی کھپچیاں لیں اور اُنہیں اپنی انگلیوں کے آر پار گزار دیا اور جب باہر نکالا تو کوئی خون نہ نکلا۔ ایک آدمی نے برچھی لی اور اپنی ٹھوڑی سے شروع کر کے ناک تک گزارتا چلا گیا پھر اُسے واپس نکال لیا اور ثابت کیا کہ اللہ خدا ہے۔

بھائیو، غور سے سنئے۔ آپ نشانوں سے کبھی نجات نہیں پاتے۔ آپ کسی ذہنی احساس سے کبھی نجات نہیں پاتے۔ آپ کو اُس وقت نجات ملتی ہے جب آپ خدا کے کلام کی شرط پر پورا اترتے ہیں۔ اَور کسی چیز سے آپ کو نجات حاصل نہیں ہو سکتی۔ یہ سچ ہے۔ خدا کے کلام نے ایک راہ تیار کر رکھی ہے۔ آپ کو اس سے نجات نہیں مل جاتی کہ آپ محسوس کرتے ہیں کہ گویا آپ کو نجات مل چکی۔ مجھے ایسے نجات نہیں ملتی کہ مجھے محسوس ہو کہ میں نے نجات پا لی ہے کیونکہ بہت سے مواقع پر میں ایسا محسوس نہیں کرتا۔ لیکن مجھے اِس لئے نجات ملتی ہے کہ خدا نے اِس کا وعدہ کیا تھا۔ میں خدا کی شرائط پر پورا اترا اور خدا کے مقدس کلام پر ٹھہر کر میں ایک ہفتے کے ساتوں دن اور ساتوں رات شیطان کو شکست دے سکتا ہوں، اِس لئے کہ یہ کلام خدا کا ہے۔

''جو کوئی میرا کلام سنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے اُس میں ہمیشہ کی زندگی ہے اور وہ عدالت کو نہ دیکھے گا بلکہ وہ موت سے نکل کر زندگی میں داخل ہو گیا ہے''۔ یہ وہ بات ہے جو بادشاہوں کے بادشاہ نے فرمائی تھی۔ کیا آپ اِس پر ایمان رکھتے ہیں؟

E-35 یہ اِس لئے ہے کہ اگر آپ ایمان رکھتے ہیں اِس لئے نہیں کہ آپ بلند آواز سے چلّاتے ہیں اور نہ اِس لئے کہ آپ دوڑتے ہیں۔ یہ کام ٹھیک ہیں لیکن آپ اِن کو بنیاد بنانے، اِن میں سے تعلیم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اور یہاں تک کہ الٰہی شفا پر بھی آپ تعلیم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں

جبکہ الٰہی شفا ایک چھوٹی چیز ہے۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ کلیسیا ایک چھوٹی چیز پر بڑی چیز کو رکھ سکے؟ یہ سوال پوچھیئے اور اِس پر غور وخوض کیجئے۔ یہ ملی جلی بھیڑ ہے۔عزیزو، یہی سبب ہے کہ............

میں آپ کو کچھ بتانا چاہتا ہوں۔ دو ہفتے پہلے میرے سامنے ایک آدمی بیٹھا تھا جو مجھے ٹکٹکی لگائے دیکھے جا رہا تھا جب میں لائمہ اوہائیو میں تھا اور میرے سامنے میتھوڈسٹ، بپٹسٹ، پرسبٹیرین، ناضرین، سالویشن آرمی کے لوگ بیٹھے تھے۔ اُن سب نے مل کر مجھے دعوت دی تھی اور ایک بہت بڑے آڈیٹوریم میں عبادات کا اہتمام کیا تھا۔ وہاں کلام پر کھڑے رہ کر کلام سے خداوند یسوع کو اور حقیقی انجیلی چیز کو جو وقوع میں آنے والی تھی ثابت کیا اور شام بہ شام سیکڑوں لوگ مذبح پر آتے اور مسیح کو اپنا دل دیتے رہے۔ یہ محسوسات پر نہیں بلکہ کلام پر ٹھہرنے سے ہوا۔

E-36 بھائیو، میں آپ کو کچھ بتانا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ نہایت توجہ سے سن لیں جبکہ میں اِسے اختتام پذیر کرنے جا رہا ہوں۔ میں پوری پختگی سے اِس پر ایمان رکھتا ہوں۔ اور میں جو یہ کہہ رہا ہوں مجھے علم نہیں ہے کہ میں طلوعِ صبح دیکھ سکوں گا یا نہیں۔ لیکن یہ سچ ہے کہ ایک مافوق الفطرت کام ہوا ہے۔ مگر آپ بے لگام ہو کر اِس کے ساتھ چل رہے رہے ہیں۔ آپ اِس کے ساتھ پست کنارے کی طرف جا رہے ہیں۔ شیطان آپ کو دھکیلے جا رہا ہے، اور آپ عین کلامِ مقدّس سے باہر ہو چکے ہیں۔ میں مافوق الفطرت کاموں پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں یسوع مسیح پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں ایمان رکھتا ہوں کہ وہ ماضی، حال اور مستقبل میں ہمیشہ یکساں ہے اور وہ آج بھی وہی کام کرتا ہے جو اُس نے ماضی میں کیئے اور ہمیشہ کرتا رہے گا۔ یہ سچ ہے۔ میں اِس کو مانتا ہوں۔

E-37 لیکن اب غور سے سنئے۔ میں بہت سی جگہوں پر گیا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ............آپ میں سے کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو میرے لئے اجنبی ہیں، آپ میں سے بعض دوبارہ کبھی مجھے سننے کے لئے نہیں آئیں گے۔ اِس کی ذمہ داری آپ کے اوپر ہوگی، کسی نہ کسی وقت اِسے ضرور جانئے۔ میں

چاہتا ہوں کہ آپ کلامِ مقدّس میں تلاش کریں۔ مجھے بیان کرنے دیجئے، اور آپ غور سے سنیں۔

میں نے یہ ایمان رکھنا شروع کیا ہے............اب غور سے سنئے۔ آیئے ذرا تھہ میں چلیں۔ آپ کسی اچھے سے مرد کو لیں اور اُسے کسی بُری عورت سے بیاہ کرنے دیں۔ یا تو وہ عورت اچھی ہو جائے گی یا پھر وہ مرد برا ہو جائے گا۔ یہ روح ہے، جو میری زندگی ہے۔ میں روحوں پر کام کرتا ہوں۔ میں آدمی کو نہیں دیکھتا، میں اُس کی روح پر گرفت ڈالتا ہوں۔

میں کئی جگہوں پر گیا ہوں جہاں خادموں کے ساتھ میز پر بیٹھا ہوں اور میں نے اُن میں سے ایسے شخص کو بھی دیکھا ہے جو جنسی بیماری میں مبتلا تھا۔ وہ کسی دوسرے کی بیوی کے ساتھ رہ رہا تھا۔ جو مجھے دیکھتا اور کہتا ہے ''اوہ، بھائی برنہم، میں آپ سے پیار کرتا ہوں''۔ وہ ریاکار اور جھوٹا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ وہ ایسا نہیں کرتا۔ یہ سچ ہے۔

E-38 ''بھائی برنہم، میں آپ کے بولے ہوئے ایک ایک لفظ کا یقین کرتا ہوں کہ یہ سچائی ہے'' اور اُسی وقت ایک تاریک سایہ اُس پر اتر آیا۔ میں کبھی یہ معلوم نہ کر پاتا۔ میں اُسے ہر حال میں پیار کرنا چاہتا ہوں ہر حال میں۔ اگر میں ایسا نہ کروں، تو مجھے خدا کے پاس جانا ہوگا۔ لیکن آپ تصور کریں کہ مجھے کس قسم کی زندگی بسر کرنی ہے۔ آپ تصور کریں گے کہ یہ کس قدر کٹھن کام ہے کہ آپ کو اُن بچوں کے پاس جانا ہو جن سے آپ پیار کرتے ہوں، اور آپ کو معلوم ہو کہ آپ کو وہاں قیام کرنا............ میں سنتالیس سال کا ہوں، اور میری زندگی کا زیادہ تر حصہ گزر چکا ہے۔ مجھے خدا کے سامنے کھڑا ہونا ہے، لیکن مجھے اِس کتاب کے مطابق جواب دینا ہے۔ یہ عین سچائی ہے۔

میں عبادات میں گیا ہوں۔ میں آپ سے کچھ التماس کرنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ کسی عبادت میں جائیں اور آپ دیکھیں کہ خادم سر جھٹکتا ہے، تو آپ دیکھیں گے کہ ساری جماعت سر جھٹکتی ہے۔ آپ کسی عبادت میں جائیں اور دیکھیں کہ پاسبان جنگل کی آگ ہے......؟...... اِدھر اُدھر بھاگتا ہے، تو

آپ دیکھیں گے کہ جماعت کا ہر فرد اِسی طرح کر رہا ہو گا۔ لیکن اگر آپ ایسی جگہ جائیں جہاں کا پاسبان انجیل کا پختہ استاد ہے تو پورا عالمِ ارواح بھی اُس کلیسیا کو جنبش نہیں دے سکتا۔ یہ سچ ہے۔

E-39 بھائیو، آپ ایک دوسرے کی روح کا اثر لیتے ہیں۔ یہ بالکل سچ ہے۔ آپ روح القدس کے بجائے ایک دوسرے کی روح کو لیتے ہیں۔ جس طرح ایک اچھا آدمی بری عورت کی روح کو لیتا ہے یا اِس کا اُلٹ۔ آپ ایک دوسرے کی روح کو حاصل کرتے ہیں۔ میرے بھائیو، میں نے یہ ایک ہی کام کیا ہے اگر خدا مجھے آج شام یہ جاننے دے کہ میرا دل بائبل کے ساتھ درست ہے۔ میں نے صاف شفاف رہنے کے لئے ایک ہی کام کیا ہے کہ کبھی محسوسات کے ساتھ کام نہیں کیا، نہ کوئی ایسا کام کیا ہے کہ لوگ میری طرف دیکھیں۔ حتیٰ کہ میں نے کسی شخص پر ہاتھ رکھنے کی بھی کوشش نہیں کی بلکہ صرف انجیل کی منادی کی ہے اور باقی کام خدا پر چھوڑا ہے۔ اور اگر کوئی ایسی بات ہو تو جب میں عدالت کے کٹہرے میں کھڑا ہوں گا تو میں ناجائز بچوں کے گروہ کا حساب دینا نہیں چاہتا۔ میں اُن کے آگے کلام کی منادی کرنا چاہتا ہوں، خدا کے کلام کی منادی اور اُن کے اندر کلام کی روح ہو گی یا پھر بالکل نہیں ہو گی۔ یہ خدا کا روح ہے جو خدا کے تخم کے وسیلے آتا ہے یعنی خدا کا کلام جو آپ کے دل میں بویا جاتا ہے جو یسوع مسیح کا پھل لاتا ہے نہ کوئی جوش نہ کوئی نرالا کام۔ کیسا وقت ہے جس میں ہم رہ رہے ہیں۔

ایک ملی جلی بھیڑ چل نکلی ہے۔ آج ہمیں کس چیز کی ضرورت ہے؟ ہمیں شاندار آدمی چاہئیں آدمی، نہ کہ تین دن کا امتحان، جس میں رحم نہ ہو۔ ہمیں وہ آدمی چاہئیں جو خدا کو جانتے ہوں۔ یہ سچ ہے۔

E-40 زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ میں ایک سکول میں گیا۔ وہ اُن کو بحری سفر کے ذریعے بیرونِ ملک بھیج رہے تھے کہ دو ہفتے کا ڈپلومہ کر کے اور اس میں الٰہی شفا کے بارے سب کچھ سیکھ کر آئیں۔ یہ اُسی طرح ہے جیسے مشین کے ذریعے ناجائز چوزے پیدا کئے جاتے ہیں۔ یہ سچ ہے۔ کیوں، یہ شرم کی بات ہے۔

وہ خدا کے بارے کچھ نہیں جانتے ان میں سے کچھ تو اتنا بھی نہیں جانتے جتنا کوئی افریقہ کا جنگلی باشندہ مصر کی رات کے بارے جانتا ہو۔ یہ سچ ہے۔اُن کو جس چیز کی ضرورت ہے وہ ہے پرانی طرز کی انجیلی ملامت تاکہ وہ گھر واپس جائیں کلام کو لیں اور اس میں اُس وقت تک پڑے رہیں حتیٰ کہ وہ خدا کے روح سے نئے سرے سے پیدا ہوں جواُن کی آنکھوں کو محسوسات پر نہیں بلکہ مسیح پر لگائے رکھے۔اور آپ جانتے ہیں کہ یہ درست ہے۔

میں خدا کے ساتھ منسلک ہوں۔ میں اِس کلام کا پابند ہوں یہ سچائی ہے اور آپ جانتے ہیں کہ یہ سچائی ہے۔

E-41 بھائیو، جہاں پر میں گیا تھا، یعنی جو لوگ اُن کو چھ ہفتوں کا ڈپلومہ دے رہے تھے اور خادم بنا کر منادی کیلئے بھیج رہے تھے ایسے لوگوں کو جو پیغام کے متعلق مطلق کچھ نہ جانتے تھے۔ وہ بس اتنا جانتے ہیں کہ وہ کسی گھبراہٹ کی حالت میں کام کر سکتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کے درمیان میں پسینہ لا کر اُسے کسی اور پر مل دیتے اور اُسے شفا کہتے ہیں۔ بھائیو، اگر میں نے کبھی بائبل سے سنا اور آنکھوں سے دیکھا ہے تو یہ مخالفِ مسیح ہے۔آپ کے اندر سے کوئی ایسی چیز نہیں نکل سکتی جو کسی کی مدد کر سکے ماسوائے اِس کے کہ یہ انجیل ہو یہ خدا کا کلام ہو جو حقیقی خادموں کے لبوں سے نکلے۔ یہ سچ ہے۔

شفا اور نجات کلوری پر کے تکمیل شدہ کام ہیں۔ یہ انجیل کی خوشخبری ہے، اور کوئی دوسری چیز اِس کی جگہ نہیں لے سکتی۔اب، آپ کہہ سکتے ہیں ”کیا آپ کو کسی پر غصہ ہے؟“ جی نہیں۔ مجھے کسی پر غصہ نہیں ہے۔اگر مجھے غصہ ہوتا اور اُسے نکالنے کے لئے میں نے یہ بات کی ہوتی تو مجھے مذبح پر جا کر توبہ کرنا پڑتی۔ یہ سچ ہے۔میں یہ باتیں خالص مسیحی محبت میں کہتا ہوں۔اور آپ لوگ جو پھر نہیں آئیں گے ایک بات میں میری حمایت کریں۔کسی کاغذ پر نشان لگا کر اپنی بائبل میں رکھ لیجئے اور کہئے ”برادر برینہم نے کہا تھا ’خداوند یوں فرماتا ہے‘“۔

E-42 پھر اگر خدا ہمیں زندگی دے تو دیکھتے رہیئے گا کہ یہ چیز کہاں تک پہنچتی ہے۔ اگر خدا ہمیں چند برس اور زندگی دے اور میں فینکس سے گزروں، تو زرد رنگ کا ایک کاغذ لیں اور پلپٹ تک جا کر کہیں "ولیم برینہم کیا چیز ہے؟" تو میں اس کاغذ کو اپنی پشت پر لگا لوں گا جس پر لکھا ہو گا "جھوٹا نبی" اور آپ مجھے اپنی کار پر سوار کرا کے پورے شہر میں پھرانا۔

یہ چیز ابلیس کی طرف سے آ رہی ہے، اور یہ کلیسیا کو الجھاؤ میں ڈالنے اور پھاڑ ڈالنے کے لئے ہے ایسے یقینی طور پر جیسے کہ دنیا ایک حقیقت ہے۔ اور ایسا اس لئے ہے کہ یہ کلامِ خدا کے اندر موجود نہیں ہے۔ یہ اوریم وتمیم پر روشنی نہیں ڈالتا۔ اِس سے دور رہیئے۔ آمین۔

خدا سچا ہے۔ خدا نشان دکھاتا ہے معجزات کرتا ہے۔ لیکن بھائیو، ہمارے ساتھ ملی جلی بھیڑ ہے۔ اُنہوں نے مافوق الفطرت کام کو دیکھ لیا ہے اور وہ کسی قسم کا اضطراب پیدا کرنا اور کوئی اور کام کرنا چاہتے ہیں۔ اور پہلی بات جو آپ جانتے ہیں کہ شیطان قدم بہ قدم آگے بڑھتا ہے، اور پھر اسے ایک طرف پھسلا دیتا ہے، اور اب وہ اِس طریقے کو نجات اور شفا پر لاگو کر رہا ہے۔ یہ اُس مقام تک آ جائے گا کہ وہ ثبوت کے طور پر آسمان سے آگ تک نازل کریں گے۔

E-43 غور سے سنئے۔ مجھے دکھانے دیجئے کہ بائبل کیا کہتی ہے۔ پولس نے فرمایا تھا "اگر آسمان کا کوئی فرشتہ بھی اِس خوشخبری کے سوا، جو ہم نے تمہیں سنائی، کوئی اَور طرح کی خوشخبری سنائے، تو وہ ملعون ہو"۔ اُس نے یہ بھی کہا تھا "اگر میں آدمیوں اور فرشتوں کی زبانیں بولوں اور محبت نہ رکھوں تو میں کچھ بھی نہیں"۔ اگر میرا ایمان اتنا بڑا ہو کہ پہاڑوں کو ہٹا دوں اگر میں اپنے ہاتھوں سے خون جاری کر دوں یا تیل جاری کر دوں یا کچھ اور کر لوں تو بھی میں کچھ نہیں۔

وہ اِسی سلسلے کا کچھ بھی کام کر لیتا تو بھی وہ کچھ نہ ہوتا۔ خواہ وہ اپنا مال غریبوں کو کھلا دیتا یا دیگر مختلف کام کرتا تو بھی وہ کچھ نہ تھا جب تک کہ وہ چشمہ نیچے اتر کر اُس کی زندگی کو خدا کے کلام کے مطابق

نہ بنا دیتا۔ یہ سچ ہے۔ میں جانتا ہوں کہ یہ کھردری اور غیر ملائم بات ہے، مگر یہ سچ ہے۔ اس لئے قادرِ مطلق خدا میری مدد فرمائے یہ عین سچائی ہے۔ آپ سمجھ گئے؟

میں نے آپ کو سچ بتا دیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ سچائی پر ایمان رکھیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ جان لیں کہ خدا اِس سچ کی تصدیق کرنے کے لئے یہاں موجود ہے۔ خدا اپنے کلام کی تصدیق کرتا ہے۔ لیکن اگر......اُس کا کلام............

E-44 اگر اِس کے ساتھ ظاہر ہونے والے نشان کلامِ خدا میں نہیں ہیں تو پھر یہ کسی اور کی تیار کردہ چیز ہوگی۔ آپ کو اِس سے کیا فائدہ ہوگا؟ الٰہی شفا خدا کی طرف سے ہوتی ہے، یقیناً ہوتی ہے۔ الٰہی شفا ایک مکمل شدہ چیز ہے۔ یہ سچ ہے۔ اِس سے متعلقہ اور کوئی کام آپ نہیں کر سکتے، آپ پر لازم ہے کہ خدا کو قبول کریں اِسے قبول کریں اور ایمان کے ساتھ اِس کا یقین کریں۔

آپ مسیح کے پاس کس طرح آتے ہیں؟ اِس وجہ سے نہیں کہ آپ نے مذبح پر آہ و بکا کی نہ اِس سبب سے کہ آپ ساری رات روئے چِلّائے نہ اِس سبب سے کہ آپ نے خدا کو ڈھونڈا، کیونکہ آپ نے کبھی خدا کو نہیں ڈھونڈا۔ کبھی کسی آدمی نے خدا کو نہیں ڈھونڈا۔ یسوع نے کہا تھا ''کسی شخص نے کبھی خدا کو نہیں ڈھونڈا۔ کوئی میرے پاس اُس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک میرا باپ اُسے کھینچ نہ لے، اور جن کو باپ نے مجھے دیا ہے میرے پاس آ جائیں گے (یہ سچ ہے)۔ اور جو کوئی میرے پاس آئے گا اُسے میں ہرگز نکال نہ دوں گا''۔

غور سے سنئے۔ بائبل مقدس کہتی ہے ''جو کوئی میرا کلام سنتا ہے اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے، اُس میں ہمیشہ کی زندگی ہے'' یعنی کسی محسوسات کے بغیر کسی اور چیز کے بغیر۔ ''جو کوئی میرا کلام سنتا ہے اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے اُس میں ہمیشہ کی زندگی ہے''۔

E-45 اب، اگر آپ اِس ''ہمیشہ کی زندگی'' کو لیں اور اِس کے لئے یونانی زبان کا لفظ تلاش کریں

تو وہ ''زوع'' ہے۔ ''زوع'' کے معنی ہیں ''خدا کی اپنی زندگی''۔ جو کوئی یسوع مسیح پر ایمان لاتا ہے، میرا یہ مطلب نہیں کہ جو عقلی ایمان رکھتا ہے بلکہ آپ اپنے دل سے یسوع مسیح ایمان لائیں تو خدا کی زندگی آپ کے اندر آ جاتی ہے۔ اور آپ موت سے نکل کر زندگی میں داخل ہو جاتے ہیں اور مسیح نے کہا تھا ''وہ کبھی عدالت کو نہ دیکھے گا، بلکہ میں آخری دن اُسے پھر زندہ کروں گا''۔

اب، یہ اِس کے لئے خدا کا کلام ہے۔ آپ خدا کے کلام پر ایمان رکھتے ہیں یا کسی اَور شخص کے کلام پر؟ بہتر ہے کہ آپ خدا کے کلام کو لیں۔ یہ درست ہے۔ کیونکہ آسمان اور زمین ٹل جائیں گے لیکن اُس کا کلام ہرگز نہ ٹلے گا۔ پس خدا کے کلام کے ساتھ کھڑے رہیئے۔

آیئے دعا کریں۔ اے میرے ننھے بچو، فینکس کے میرے غریب دوستو، میں کتنی بار فینکس آیا ہوں؟ کیا میں نے آپ سے کبھی کوئی چیز مانگی ہے؟ کیا میں نے آپ سے کبھی کھانے کا نوالہ تک مانگا ہے؟ کیا میں نے آپ سے کبھی رہنے کی جگہ یا سفر کے اخراجات مانگے ہیں؟ جی نہیں کبھی نہیں۔ کیا میں نے کبھی آپ سے کہا ہے کہ میری پیروی کریں اور میں آپ کے لئے کوئی بڑا سا گرجا گھر بناؤں اور آپ کے ساتھ سکونت کروں؟ جی نہیں، میں نے ایسا نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے پاس خادم ہیں اور گرجا گھر بھی ہیں۔ میں صرف آپ کی مدد کے لئے آتا ہوں۔ خدا جانتا ہے کہ یہ سچ ہے۔ میں فقط آپ کی مدد کی غرض سے آتا ہوں اور میں اِس وقت بھی اِسی غرض سے آیا ہوں کہ آپ کی مدد کر سکوں۔

E-46 ''برادر برنہم، آپ اُن خادموں کے بارے کیا خیال کرتے ہیں جو یہ سب سکھا رہے ہیں؟'' میں ایمان رکھتا ہوں کہ وہ خدا کے خادم ہیں، میں یقیناً یہ مانتا ہوں۔ میں مانتا ہوں کہ وہ بندگانِ خدا ہیں میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ بہترین مبلغ ہیں اور منادی میں کبھی بھی مجھ پر سبقت لے جا سکتے ہیں۔ اور خدا اُن کا ساتھ دیتا ہے لیکن وہ غلط راہ پر چل نکلے ہیں۔ بس اتنی بات ہے۔ بھائیو، یہ غلط چیز ہے۔ یہ خدا کے کلام میں نہیں ہے یہ اوریم وتمیم کو روشن نہیں کرتی۔ اور دنیا میں کوئی ایسا عالم نہیں ہے جو عقل مندانہ

طریقہ سے اِسے اوریم وتمیم کے سامنے لا سکے، اور بائبل مقدّس میں سے گزار سکے جس طرح آپ الٰہی شفا یا دوسری چیزوں کے معاملہ میں کر سکتے ہیں۔

تو پھر میں یہاں کس لئے ہوں؟ میں یہاں آپ کی مدد کے لئے ہوں۔ میں یہاں اِس لئے ہوں کہ آپ کو واپس آپ کی کلیسیا میں لے جا سکوں۔ اور جو پاسبان اِس وقت یہاں ہیں، اگر آپ کسی غلطی میں گر گئے ہیں تو توبہ کریں اپنے پلپٹ پر واپس جائیں اور کہیں ''اے اہلِ کلیسیا، ہم خدا کی طرف واپس جا رہے ہیں''۔ اور ایک پرانی طرز کی بیداری لائیں۔ اور دوسری راہ پر اپنے ہمسائے کے ساتھ جھگڑا نہ کریں۔ اگر وہ آپ جیسا ایمان نہیں رکھتا تو بھی اُس کے ساتھ ہاتھ ملائیں اور ہر حال میں بھائی بن کر رہیں۔

E-47 آپس میں گھل مل جائیں، اور متحدہ بیداری لائیں۔ ایسے خادموں کو لائیں جو تتر بتر نہ ہوں بلکہ خدا کے کلام پر کھڑے رہیں۔ کلامِ مقدّس کو پڑھیں۔ آپ میں سے کئی لوگ ہفتہ میں ایک بار بھی کلام نہیں پڑھتے۔ آپ کو چاہیئے کہ ہر روز باب کے بعد باب پڑھتے جائیں۔ غور و فکر کریں۔ اگر آپ اپنا ذہن اُن رسالوں سے ہٹائیں گے جن کو آپ پڑھتے ہیں اور ان پرانے نام نہاد اخبارات سے جو مذہبی مواد کہلاتے ہیں اور جن کو مارکیٹ میں آنا ہی نہیں چاہیئے تھا ان کا پڑھنا بھی ویسا ہی غلط ہے جیسا دوسرے رسائل کا یہ جھوٹی مذہبی تعلیم کا مواد ہے اور تمام قسم کے عقائد، جن کو سچائی پر مبنی کہا جاتا ہے۔ دینی تعلیم کی بنیاد کسی کے ذاتی تجربہ پر نہیں ہوتی۔ دینی تعلیم کی بنیاد خدا کے کلام پر ہوتی ہے نہ کہ کسی کے ذاتی تجربہ پر۔ لوگوں کو تو مختلف قسم کے تجربات حاصل ہوتے رہتے ہیں۔

میں نے جنگلوں کا سفر بھی کیا ہے اور جادوگروں کو بھی دیکھا ہے۔ اُنھوں نے مجھے چیلنج بھی کیا میں کھڑا رہا اور اُن کو سب طرح کے طریقے آزمانے کا وقت دیا میں دیکھتا رہا کہ وہ کس طرح یہ سب کرتا ہے میں دیکھتا رہا اور اُس نے ایک چھڑی لی اور اُسے ہوا میں معلق کئے رکھا پھر اُسے نیچے رکھا اور وہ

سانپ کی طرح چلنے لگی۔ وہ واپس پلٹا اور شراب کا گلاس لیا یا پانی کا گلاس لیا اور اُسے ارغوانی رنگ کی شراب میں بدل دیا اور وہ چاہتا تھا کہ میں اسے پیئوں۔ اور پھر اُسی گروہ نے کہا ''اِن سب احساسات کے بارے خداوند نے ہمیں بتایا تھا''۔ بالآخر یہ چیز اِسی مقام پر آ جاتی ہے۔ میں نے اُس سے کہا ''اپنی ماں کو لاؤ اور اُسے یہاں لٹا کر ذبح کر دو، اور اُس کے جسم کو مذبح پر پڑا رہنے دو، اور میں اُسے تیسرے دن پھر زندہ کر دوں گا۔ کیونکہ لکھا ہے 'اپنے بدنوں کو زندہ قربانیاں ہونے کے لئے پیش کرو اور تم اپنی ماں کو یہاں پڑا رہنے دو۔ یقیناً حکمران اُسے ماں کے قتل کے جرم میں گرفتار کر لیتے۔ وہ شخص اپنے حواس میں آ گیا، یعنی وہی شخص جو اِن تمام محسوسات کا حامل تھا۔

E-48 مے کو پانی میں انڈیلنا یا اِس طرح کا اَور کوئی کام، مکئی کے ڈنٹھلوں کا چلنا ایسے تمام کام ابلیس سے ہیں۔ یقیناً ایسا ہی ہے۔ خدا کو کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ آپ کو کچھ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ بائبل مقدّس اور روح القدس یسوع مسیح کے جی اٹھنے کو ظاہر کرنے کے لئے موجود ہیں۔

نصف گھنٹہ سے زیادہ وقت نہیں ہوا کہ ایک شخص سے میری بات ہوئی، یہاں عبادت میں آنے سے کوئی پون گھنٹہ پہلے کی بات ہے، وہ شخص دیوانوں کی طرح پیچ وتاب کھا رہا تھا۔ وہ سمجھ رہا تھا کہ وہ بھی کچھ کر سکتا ہے (سمجھ گئے؟)، وہ غلط راہ پر چل رہا ہے۔ اے کلیسیا، خدا کی طرف واپس آ۔ آیئے دعا کریں۔

E-49 آسمانی باپ، میں آزاد ہوں۔ میں نے وہی کہا ہے جو میرے دل میں تھا۔ میں لوگوں اور خادموں دونوں کے ساتھ سختی سے بولا ہوں۔ جس طرح کہ کرنتھیوں کے خط میں، پولوس نے کس طرح لوگوں پر ظاہر کیا کہ وہ کس مقام پر تھے، اور وہ اُن سے محبت کرتا تھا، لیکن پھر اُس نے انجیل کا کوڑا اُن پر برسانا شروع کر دیا۔ اور اُنہوں نے اُسے بتایا کہ خدا نے اُنہیں اِس اِس طرح کرنے کا کہا تھا۔ اُس نے کہا ''کیا خدا کا کلام تم میں سے نکلا، اور صرف تم ہی سے وارد ہوا؟ اگر کوئی اپنے آپ کو نبی یا روحانی

سمجھے ،تو یہ جان لے کہ جو کچھ میں تم کولکھتا ہوں ، خداوند کے حکم ہیں ،لیکن اگر کوئی نہ جانے تو نہ جانے''۔باپ ، یہ تیرا کلام ہے۔اور میں ایمان رکھتا ہوں کہ مقدس پولوس تیرا خادم تھا۔اور میں ایمان رکھتا ہوں کہ اُس نے جو کچھ بھی لکھا ہے سچائی ہے اور یہ تیری طرف سے آیا۔اے خدا، میری دعا ہے کہ اب جبکہ بہت سے لوگ اپنے سروں کو جھکائے ہوئے ہیں ،تو اِس سنجیدہ گھڑی میں تو اِس چھوٹے سے گرجا گھر کو ہلادے۔

اے خداوند خدا، جو اشخاص اپنے اوسان کے پیچھے بھاگ رہے ہیں میری دعا ہے باپ، کہ تو شفقت فرما کر، کسی طرح اُن کے ساتھ کلام کر۔اُنہیں دیکھنے کی توفیق بخش کہ یہ روح القدس نہیں ہے۔ بائبل مقدس روح میں، جو مجھ میں ہے اِسے مجرم ٹھہراتی ہے۔خداوند، اگر میں تیرا خادم ہوں،تو پھر میرے اندر کوئی چیز ہے جو کہتی ہے کہ یہ غلط ہے اور مجھے اِس کے خلاف چِلّانے پر مجبور کرتی ہے۔

E-50 اور خداوند، میں نے یہ تہہِ دل سے سرانجام دیا ہے۔اور میں نے یہ کسی بھائی کو نیچا دکھانے ، یا کسی کے خیالات کو نیچا دکھانے کیلئے نہیں کیا بلکہ انجیل کے ساتھ قائم رہنے ،اور روح القدس کا پابند ہوتے ہوئے ایسا کیا جو اِس وقت تیرے بندہ میں کام کر رہا ہے۔اور میں پورے دل سے اِس پر ایمان رکھتا ہوں۔

لوگوں کو برکت دے۔اور میری دعا ہے کہ آج ان کے گھر میں یہ پرانی طرز کے رونے چِلّانے کی عبادت اور پرانی طرز کی توبہ ہو۔اور بخش دے کہ کل رات ایک حقیقی بیداری آئے لوگ ہر ایک گرجا گھر میں آئیں، اِس شہر میں ہر طرف ایسا ہو اور خدا کے درست نشانوں کے ساتھ روح القدس کی حقیقی بیداری اُمڈ آئے۔اور بخش دے کہ اِس کی تعمیر بائبل پر ہو تاکہ بنیاد یقینی ہو۔خداوند، یہ بخش دے۔کیونکہ جو بنیاد ڈالی جا چکی ہے اس کے سوا اور کوئی بنیاد ڈالی نہیں جا سکتی۔اور باپ، ہم خاکساری کے ساتھ اُسی بنیاد پر عمارت بنانا چاہتے ہیں۔

الٰہی شفا، رسول، نبی، استاد، مبشر، ہم اِن سب پر ایمان رکھتے ہیں اور ہم دعا کرتے ہیں خدا، کہ اِن کو حاصل کرنے میں تو ہماری مدد فرما۔

E-51 اور اب، اور کسی روز جب فینکس کے روبرو اور دیگر شہروں کے سامنے جہاں میں اِس کے خلاف چلّایا ہوں تیرے پردۂ مناظر پر میری آواز ابھرے، تو میری منت ہے باپ کہ اُس وقت کہا جائے کہ تو نے اچھا کام کیا۔ میری دعا ہے کہ وہ لوگ جو اِس وقت یہاں پر ہیں اور جو ہمیشہ کی زندگی کے لئے مقرر کئے گئے ہیں، جو آج رات تیری آواز کے شنوا ہوں گے، وہ آ جائیں۔ کیونکہ میں یہ سب یسوع کے نام میں مانگتا ہوں۔

تھوڑی دیر سروں کو جھکائے رکھیں۔ میں جانتا ہوں کہ آپ سوچیں گے کہ اِس وقت مذبح پر بلانا ہولناک ہوگا۔ لیکن میرے اندر کوئی چیز کہہ رہی ہے کہ میں ایسا کروں ۔اب، میں چاہتا ہوں کہ آپ چند لمحات کے لئے اپنے سروں کو جھکائے رکھیں اور تھوڑی دیر اِس پر غور و فکر کریں۔ بس سوچیے، بالکل خاموشی سے۔

E-52 کیا میں نے آپ کو کبھی کچھ غلط بتایا ہے؟ کیا میں نے ہمیشہ خدا کے کلام کے ساتھ بائبل مقدس میں کھڑا رہنے کی کوشش کی ہے؟ میں چاہتا ہوں کہ آپ اِس پر غور کریں۔ جو کچھ بھی میں نے بیان کیا ہے کیا خدا اُسے ظاہر کرنے میں کبھی ناکام رہا ہے؟ کیوں؟ اِس کا بیان کرنے والا میں نہیں بلکہ وہ خود ہے۔ وہ اپنے کلام کو عزت بخشتا ہے۔ یہ سچ ہے۔ اِس وقت اِس پر سوچیے۔

اگر آپ سرد ہوتے اور کلامِ خدا سے دُور ہوتے جا رہے تھے، تو کیا اب اپنے سروں کو جھکائے ہوئے آپ خدا کے ساتھ وعدہ کریں گے کہ آج رات سے آپ کلامِ مقدس پر تحقیق کریں گے ہر کام جو آپ کریں گے اُس پر قریب سے غور کریں گے کہ وہ کلام ہے کیا آپ اُس کی طرف اپنا ہاتھ بلند کریں گے؟ خدا آپ کو برکت دے یہ اچھی بات ہے۔ یہ بہت اچھا ہے۔ یہ اچھی بات ہے۔ لفظی

اعتبار سے سینکڑوں ہاتھ اٹھے ہوئے ہیں۔

E-53 کتنے لوگ ایمان رکھتے ہیں کہ جو کچھ میں نے بیان کیا ہے سچائی ہے؟ اب ہر سر جھک جائے۔اپنا ہاتھ اٹھایئے۔خدا آپ کو برکت دے۔ یہ اچھی بات ہے۔ایسے لگتا ہے کہ نوے فیصد ہاتھ اٹھے ہیں۔شکریہ۔میں اِس کے لئے آپ کو پیار کرتا ہوں۔

میں فکرمند ہوں کہ اگر یہاں کوئی ایسا گنہگار ہے جو جانتا ہے کہ اِس دَور میں جبکہ ہیبت ناک وقت ہے، ہولناک وقت ہے مصیبت کا وقت ہے اور یہ سب باتیں واقع ہورہی ہیں جب آپ دیکھ رہے ہیں کہ دشمن اِس طرح ظاہر ہورہا ہے اورآپ دیکھتے ہیں کہ یہ سب چیزیں وقوع میں آرہی ہیں تو کیا آپ جان نہیں پارہے ہے کہ ہم آخری وقت میں ہیں؟ کیا آپ نہیں جانتے کہ یہ نشانِ راہ ہے؟

خداوند نے چاہا تو میں کوئی دوروز تک وقت کے اتصال پر پیغام دوں گا۔میں چاہتا ہوں کہ آپ اسے سنیں میں آپ کو بائبل مقدس میں سے لفظ بہ لفظ دکھاؤں گا۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ لکھنے کی چیزیں ساتھ لے کر آئیں۔آپ دیکھیں گے کہ ہم اسے ٹھیک موجودہ وقت تک لے کر آئیں گے۔ ہر چیز کا آغاز پیدائش کی کتاب سے ہوا اسی طرح اِس کا بھی۔اوراب یہ بیج تک پہنچ گیا ہے۔

E-54 اب، جو گنہگار ہیں کیا وہ ہاتھ اٹھا کر یہ نہیں کہنا چاہیں گے ”برادر برنہم، میرے لئے دعا کیجئے۔ میں گنہگار ہوں اور میں غلط راہ پر رہنا نہیں چاہتا۔ میں درست ہونا چاہتا ہوں“۔ خدا آپ کو برکت دے بیٹا۔خدا آپ کو برکت دے۔خدا آپ کو برکت دے۔ یہ اچھی بات ہے۔اوپر جو بالکونیوں میں ہیں اپنا ہاتھ اٹھا کر کہیں ”برادر برنہم، میں گنہگار ہوں، لیکن میں فی الحقیقت یقین رکھتا ہوں کہ آپ سچ بیان کررہے ہیں۔ میں چاہتا ہوں آپ میرے لئے دعا کریں“۔خاتون، خدا آپ کو برکت دے۔خدا آپ کو برکت دے، ہسپینی خاتون۔ جو خاتون اِدھر بیٹھی ہیں خدا آپ کو برکت دے۔اوپر بائیں طرف والی بالکونی میں کیا وہاں کوئی ہے؟ ”بھائی برنہم میں مسیحی نہیں ہوں لیکن میں یقین کرتا

ہوں کہ آپ سچائی بیان کر رہے ہیں۔ میرے لئے دعا کریں''۔ کیا آپ ہاتھ اٹھا کر ایسا کہیں گے؟

E-55 ٹھیک ہے۔ پچھلی طرف والی بالکونی میں جو لوگ ہیں، کیا آپ ہاتھ اٹھا کر کہیں گے''میں یقین کرتا ہوں برادر برنہم، کہ آپ سچائی بیان کر رہے ہیں۔ میں چاہتا ہوں آپ میرے لئے دعا کریں''۔ جو لوگ بائیں طرف والی بالکونی میں ہیں، کیا آپ ہاتھ بلند کر کے کہیں گے''اے مناد، میں پورے دل سے یقین کرتا ہوں کہ آپ سچائی بیان کر رہے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے لئے دعا کریں تاکہ میں درست طور پر لنگرانداز ہو جاؤں''۔

میرے بچو، غور سے سنو۔ اگر آپ ٹھیک طریقہ سے لنگرانداز نہیں ہیں، تو یہ ابھی چھوٹا درجہ ہے۔ یہ ابھی آغاز ہے۔ اسے تین یا چار سال چلنے دیں، اور پھر دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ آپ کو سب کچھ نظر آنے لگے گا۔ ٹھیک ہے۔ تمام قسم کے نشان ظاہر ہوں گے۔ خدا نے کہا تھا کہ ایسا ہوگا۔

جبکہ آپ سروں کو جھکائے ہوئے ہیں، تو آیئے دعا کریں۔ گیت سنئے۔

اے نرم خو منجی، میرے پاس سے گزر نہ جا
میری عاجزی کی پکار کو سن
جب تو اوروں کو بلا رہا ہے
تو میرے پاس سے گزر نہ جا
منجی، منجی
اے نرم خو منجی، میرے پاس سے گزر نہ جا
میری عاجزی کی پکار کو سن
جب تو اوروں کو بلا رہا ہے
تو میرے پاس سے گزر نہ جا

E-56 اب، اپنے سروں کو جھکائے ہوئے ........... یہ گیت میتھوڈسٹ دور میں گایا جاتا تھا جب اُن کے اوپر خدا کا روح موجود تھا۔ اور لوگ بے دم ہو کر فرش پر گر جایا کرتے تھے۔ مبلغین جہنم کے بارے بہت سختی سے منادی کرتے۔ لوگ چیختے، چلاّتے، اور مذبح کی طرف بھاگتے۔ اور ہم پنتی کاسٹل لوگ ایمان رکھتے ہیں کہ ہمیں وہ چیز حاصل ہوگئی ہے جو میتھوڈسٹوں کو حاصل نہ ہوسکی۔ میرا خیال ہے کہ ہمیں واپس جانا اور وہ کچھ حاصل کرنا چاہئے جو اُن کے پاس تھا۔

آسمانی باپ، یہ لوگ جنہوں نے اپنے ہاتھ اٹھائے ہیں، خالص اور بنا آمیزش انجیل کے وسیلے تیرے فرزند ہیں۔ میں منت کرتا ہوں آسمانی باپ کہ آئندہ ہفتے اِسے حاصل کرنے میں میری مدد فرمانا۔ اور میری درخواست ہے کہ تو بہت سارے لوگوں کو یہاں لانا۔ اے خدا، اِس شہر اور دیگر شہروں کے خادموں کے درمیان موجود دیوار کو چیر ڈال اور ان سب کو ایک عظیم اخوت بنا دے۔ یہ بخش دے، خداوند۔ بخش دے کہ تیرا کلام ہر ایک دل میں مٹھاس اور گہرائی تک جگہ پالے۔ یسوع کے نام میں۔

E-57 میری دعا ہے کہ آج شام جتنے لوگوں نے اپنے ہاتھ بلند کئے اُنہیں نجات دے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ وہ اِس پر ایمان لاتے ہیں۔ وہ اِس پر ایمان لائے ہیں اِس لئے کہ اُنہوں نے یقین کیا ہے کہ یہ کلام ہے۔ وہ کسی اَور چیز پر نہیں بلکہ کلام پر بھروسا کر رہے ہیں۔ خدا نے ایسے کہا تھا اِس لئے یہ طے ہے۔ اور میری دعا ہے کہ اُنہیں برکت دے۔ جس جس نے ہاتھ اٹھایا ہر ایک کو برکت دے۔ باپ، یہ بخش دے۔

خداوند، میں بے حد خوش ہوں کہ آج شام پچانوے فیصد سے زیادہ لوگوں نے اپنے ہاتھ اٹھائے کہ وہ درحقیقت اِس کے سچائی ہونے پر ایمان لاتے ہیں جبکہ آج شام اِس سے زیادہ کچھ نہیں کہا گیا اس لئے کہ اُنہوں نے یقین کیا ہے کہ میں تیرا خادم ہوں۔ اور میں منت کرتا ہوں کہ تو اس کی

تصدیق کرنا کہ یہ سچائی ہے، تاکہ وہ جان لیں کہ تیرا خادم یہاں اپنے ذاتی خودساختہ فخر کی غرض سے نہیں کھڑا۔ میں یہاں تیری انجیل کی خاطر کھڑا ہوں۔ اور میری دعا ہے کہ ہر ایک کو نجات بخش اور ٹھوس چٹان، یعنی مسیح کی بنیاد پر قدیم طرز کی بیداری لا۔ اور کلیسیا پر حقیقی بائبل کے نشان اور معجزات نازل فرما۔ میں یسوع کے نام میں یہ دعا مانگتا ہوں۔ آمین۔

E-58 میں نے بلی سے کہا تھا کہ دعائیہ کارڈ تقسیم نہ کرے اور اُس نے بالکل نہیں کئے۔ کوئی دعائیہ کارڈ نہیں دیا گیا۔ لیکن میں اِسے اپنے اوپر لینے جا رہا ہوں۔ جس پیغام کی میں نے منادی کی ہے، اِس کا یقین کرنے کے لئے کہ یہ خدا کی طرف سے تھا، اور اگر میں نے سچائی بیان کی ہے، تو خدا اِسے سچائی ثابت کرنے کا ذمہ دار ہے۔ یہ درست ہے۔

میں بائبل کے حقیقی نشانوں پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں یہ ایمان رکھتا ہوں کہ جو کام یسوع نے خود زمین پر رہ کر کئے، وہ ان کو آج بھی کرتا ہے، نہ اِس سے زیادہ نہ کم۔ جو کچھ اُس نے پہلے کیا وہی اب بھی کرتا ہے۔ اور یہ کام لکھے ہوئے ہیں۔ نہ ان میں کچھ بڑھانا ہے نہ گھٹانا ہے۔

اگر میں نے آپ کے آگے سچائی بیان کی ہے، تو میری دعا ہے کہ خدا اس کی تصدیق کرے اور اُس کا کلام اِسے بیان کرے۔ اور آپ نے خواہ اِسے قبول کیا ہے یا نہیں، خدا کسی شخص کے سٹیج پر بلائے جانے کے بغیر اسے ظاہر کرے۔ اور میں یہ نہیں کہتا کہ وہ ایسا کرے گا۔ آپ سامعین کے درمیان بیٹھے ہیں۔ میں نہیں جانتا۔ لیکن اگر وہ ایسا کرے تو کیا آپ سب ایمان لائیں گے کہ جو کچھ میں نے بیان کیا خدا اُس پر مہر کر رہا ہے؟ جہاں تک میں ثابت کروں کہ یہ خدا کا کلام ہے کیا آپ اس پر ایمان لائیں گے؟

E-59 تب آپ جو بیمار اور حاجت مند ہیں، دعا کریں۔ آپ جو سامنے بیٹھے ہیں میرے زیادہ قریب ہیں، دعا کریں۔ اگر آپ بیمار یا ضرورت مند ہیں تو دعا کریں۔ خدا کو اِس پر لنگر ڈالنے دیجئے،

اوراگروہ ایسا کرتا ہے،تو پھرآپ یقیناً اِسے دیکھیں گے۔

اب،آپ کہہ سکتے ہیں''برادر برنہم ، یہاں ایک نشان ہے'' جی ہاں،لیکن یہ وہ ہے جس کے لئے بائبل نے بیان کیا تھا کہ ایسے ہوگا۔''جو کام میں کرتا ہوں،تم بھی کروگے''۔اُس نے کیا کیا تھا؟اِس پرغور،اوردعا کیجئے۔

کم عمر خاتون،اگرآپ فقط ایمان رکھ سکیں،اوراِس پرشک نہ کریں......

اب ، روح القدس کی تحریک کے تحت ، جو فرشتہ بنی اسرائیل کے ساتھ ساتھ چلتا تھا............ کتنے لوگ جانتے ہیں کہ یہ آگ کا ستون تھا؟ ...... آیئے دیکھتے ہیں ......آگ کا ستون......کتنے لوگ ایمان رکھتے ہیں کہ وہ یسوع مسیح تھا،لوگاس تھا؟اپنے ہاتھ دکھایئے۔کتنے لوگ جانتے ہیں کہ جب وہ یہاں زمین پرتھا،تو اُس نے فرمایا''میں خداکے پاس سے آیا،اورخداکے پاس ہی جاتا ہوں''۔کتنے لوگ اِس سے واقف ہیں؟ کتنے لوگ جانتے ہیں کہ مردوں میں سے جی اٹھنے کے بعد جب وہ پولوس سے ملا،تو وہ پھرنور تھا؟ کتنے لوگ اِس بات کو جانتے ہیں؟ کتنے لوگ اُس تصویر کو جانتے ہیں،میری نہیں بلکہ روشنی کی تصویرکو؟ میں ایمان رکھتا ہوں کہ وہ یسوع مسیح ہے،کل،آج،اور ابدتک یکساں۔

E-60 وہ اِس عورت کےاوپرٹھہراہوا ہے۔وہ سینہ کی تکلیف میں مبتلا ہے۔یہ بالکل سچ ہے۔اگر یہ درست ہےتو خاتون،اپنا ہاتھ بلند کریں۔یہ آپ کودکھ پہنچاتی،کھینچتی،نیچےکومروڑتی،لٹادیتی ہے آپ یہاں تک محسوس کرتی ہیں کہ کوئی چیزآپ کو کھینچ رہی ہے۔جب آپ صبح اُٹھتی ہیں،آپ مشکل سے خود کواوپرکو سیدھا کرپاتی ہیں۔یہ سچ ہے۔یہ عین سچ ہے۔اب،آپ جانتی ہیں کہ میں آپ سے واقف نہیں ہوں،کیا میں آپ سے واقف ہوں؟اور میں آپ کا ذہن نہیں پڑھ رہا۔اب،آپ کہہ سکتی ہیں''یہ محض اتفاق ہے''۔کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ خدا آپ کوشفادے گا؟

اب ، دیکھئے ، میں یہ نہیں کر سکتا ۔ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس سے میں آپ کو شفا دے سکوں ۔ اور کسی کے پاس بھی ایسی کوئی چیز نہیں جس سے وہ آپ کو شفا دے سکے ۔ لیکن یہاں خدا کا روح ہے جسے آپ نے چھولیا ہے تاکہ وہ بائبل کی اس سچائی کو واپس لائے کہ وہ مردوں میں سے جی اٹھا تھا ۔ کیا ایک عورت نے اُس کی پوشاک کو چھولیا ہے؟

E-61 یہ خیال نہیں کیا جا سکتا کہ یہ کوئی حادثہ ہے ۔ آپ کے ساتھ بیٹھی ہوئی خاتون ............ آپ گویا کسی دعائیہ قطار میں تھیں آپ کے ساتھ جو خاتون بیٹھی ہے اِدھر دیکھے ۔ کیا آپ یقین کرتی ہیں کہ میں خدا کا خادم ہوں؟ کیا آپ یقین کرتی ہیں؟ ٹھیک ہے ، ایک منٹ اِدھر دھیان کیجئے ۔ آپ کے پاس کوئی دعائیہ کارڈ یا اور کوئی چیز نہیں ہے اس لئے آپ کبھی دعائیہ قطار میں نہیں آ سکتی تھیں ۔ آپ کے پاس دعائیہ کارڈ یا اور کوئی چیز نہیں ہے ۔ ٹھیک ہے ۔ بس ایک منٹ کے لئے اِدھر دیکھتی رہیئے ۔

جس طرح یسوع سامریہ کے کنویں پر عورت سے گفتگو کر رہا تھا ............ اور وہ اُس سے باتیں کرتا رہا حتیٰ کہ اُس نے اُس کا مسئلہ معلوم کر لیا ، اور عورت کو بتا دیا ۔ اور عورت نے کہا ’’ یہ مسیح کا نشان ہے ‘‘ ۔ اب اگر وہی کچھ دہرایا جائے تو یہ کوئی ذہنی احساس نہیں ہوگا ، بلکہ یہ مسیح کا نشان ہوگا یہ میں نہیں ہوں گا ، بلکہ آپ اور میں دونوں مسیح کے وسیلے اکٹھے کام کر رہے ہیں ۔

E-62 اب ، آپ جانتی ہیں کہ میں آپ کو نہیں جانتا نہ کبھی آپ کو دیکھا ہے ۔ آپ کے پاس دعائیہ کارڈ نہیں ہے ، نہ ہی یہاں تک آنے کے لئے آپ کے پاس کوئی اَور چیز ہے ۔ لیکن اب کتنے لوگ اعتقاد رکھیں گے کہ خدا یہ منکشف کرے گا؟ میں نہیں کہتا کہ وہ ایسا کرے گا ۔

اے میرے خدا ، تو صورتحال دیکھ رہا ہے ۔ خداوند ، یہ ظاہر ہونے دے ۔ عورت کو کینسر ہے ۔

اب اگر یہ سچ ہے تو اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جایئے ۔ کیا یہ سچ ہے؟ اپنا ہاتھ بلند کیجئے ۔

کیا آپ ایمان لاتی ہیں؟ یہ کیوں ہے؟ ایک سیاہ سایہ آپ کے اوپر اترا ہوا ہے ۔ یہ موت

ہے۔ بالکل۔

اے آسمانی باپ، میں اِس پر اختیار نہیں جتلا سکتا، لیکن تجھ سے درخواست کر سکتا ہوں۔ جب تو زمین پر تھا تو تو نے فرمایا ''میں باپ سے درخواست کروں تو وہ بارہ تمن فرشتے بھیج سکتا ہے''۔ میں یہی دعا کرتا ہوں کیونکہ آج شام اِس عورت کو بطورِ مثال لیا گیا ہے، اور تو شیطان کو اُس کے بدن سے دُور کر دے۔ اور بخش دے کہ جب یہ کلیسیا دعا کرے صرف میں نہیں بلکہ باقی سب بھی جب مل کر دعا کریں تو یہ سایہ اِس عورت کو چھوڑ جائے۔ وہ جانتی ہے کہ اُس کے ساتھ کوئی چیز ہے، اور اُسے بائبل مقدّس میں سے صفحہ بہ صفحہ دکھایا گیا ہے کہ یہ سچائی ہے۔ اب بُری روح اُسے چھوڑ جائے کیونکہ بائبل مقدس میں کہا گیا ہے ''وہ میرے نام سے بدروحوں کو نکالیں گے''۔

یہ وہ نشان ہے جس کا تو نے بیان فرمایا تھا اور میں یسوع مسیح کے نام سے اِسے چھوڑ دینے کو کہتا ہوں تاکہ اِن لوگوں کو تصدیق ہو جائے کہ میں نے اِن کے آگے سچ بیان کیا ہے۔ آمین۔

E-63 خاتون، اِدھر دیکھئے۔ وہاں کھڑے ہوئے اب آپ اُس طرح محسوس نہیں کر رہیں جس طرح کھڑے ہوتے وقت محسوس کر رہی تھیں۔ آپ بہتر محسوس کر رہی ہیں کیا ایسا ہی نہیں؟ اب وہ کینسر جا چکا ہے۔ یہ عین سچائی ہے۔

کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ اب، آپ کہیں گے ''کیا یہ بائبل ہے؟''

جی بالکل۔ یسوع نے کہا تھا ''جو کام میں کرتا ہوں، تم بھی کرو گے''۔

آپ کیا سوچ رہی ہیں یعنی اِس سے آگے بیٹھی ہوئی خاتون جو اپنے ہاتھ اپنی گود میں رکھے چِلّا رہی ہیں؟ آپ میرے نزدیک ہی ہیں۔ کیا آپ ایمان لاتی ہیں؟ آپ منصف بنیں۔

میں آپ کو نہیں جانتا نہ آپ مجھے جانتی ہیں۔ لیکن خدا آپ کو جانتا ہے۔ آپ کو اپریشن کرانے کے لئے کہا گیا تھا آپ کو پتّے کی تکلیف ہے۔ اگر یہ درست ہے تو اپنے پاؤں پر کھڑی ہو

جائیں۔

E-64 اِس سے آگے بیٹھی ہوئی خاتون آپ کیا سوچتی ہیں؟ کیا آپ اپنے پورے دل سے ایمان لاتی ہیں؟ اگر خدا مجھ پر ظاہر کر دے کہ آپ کی تکلیف کیا ہے، تو کیا آپ ایمان لائیں گی کہ میں نے سچائی بیان کی؟ آپ کو سوزش ہے۔ کیا آپ ایمان لاتی ہیں کہ خدا آپ کو تندرست کر دے گا؟ کیا آپ قبول کرتی ہیں؟ اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائیں۔ خداوند آپ کو برکت دے۔ آپ نے کھڑے ہو کر یہ ظاہر کیا ہے کہ آپ اِسے قبول کرتی ہیں۔ یہ تکلیف آپ کو چھوڑ گئی۔ اب آپ بیٹھ سکتی اور صحت یاب ہو سکتی ہیں۔

اب، کلامِ مقدّس کے مطابق اِس کا جائزہ لیجئے۔ معلوم کیجئے کہ آیا یہ سچ ہے۔ ٹھیک پیچھے ایک خاتون ایک خالی نشست کے ساتھ بیٹھی ہیں ۔ یہ ایک بزرگ خاتون ہیں، وہ دعا کر رہی ہیں اور رو رہی ہیں۔ کون سی چیز اُنہیں رونے پر مجبور کر رہی ہے؟ وہ روشنی اُن کے اوپر ٹھہری ہوئی ہے۔ یہ روشنی کیا ہے؟ یہ مسیح ہے۔ بائبل یہ کہتی ہے۔

E-65 عورت شفا پانا چاہتی ہے۔ وہ پتّے کی بیماری سے شفا حاصل کرنا چاہتی ہے۔ کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ خدا آپ کو تندرست کر دے گا؟ کیا آپ ایمان رکھتی ہیں؟ تو پھر اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائیں۔ کیا اب آپ اِسے قبول کرتی ہیں؟ ٹھیک ہے، اپنے گھر جایئے اور مسیح کے نام میں تندرست ہو جایئے۔

فقط ایمان رکھئے۔ خاتون، کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ خدا آپ کو جگر کی اس تکلیف سے رہائی دے گا، اور آپ کو صحت یاب کر دے گا؟ کیا آپ اِسے قبول کرتی اور ایمان لاتی ہیں کہ وہ ایسا کرے گا؟ وہ ایسا کر سکتا ہے۔ آپ اِسے حاصل کر سکتی ہیں۔ فقط خدا پر ایمان رکھیں۔ ایمان لائیں۔ آپ جن کو کمر کی تکلیف ہے آپ کیا سوچتے ہیں؟ کیا آپ بھی اُس پر ایمان لاتے ہیں؟

ٹھیک ہے۔آپ ایمان نہیں لا سکتے۔اِدھر دیکھئے۔

عین پیچھے ایک خاتون بیٹھی دعا کر رہی ہے کیا آپ اُسے دیکھتے ہیں؟ کیا آپ جوڑوں کے دردوں پر غالب آنا چاہیں گی؟ یہ درست ہے۔

E-66 آپ کے ساتھ بیٹھی خاتون کو بھی جگر کا مسئلہ ہے۔ یہ سچ ہے۔خاتون ناکام رہ گئی۔اُس نے اِس کا جواب نہ دیا۔وہ روشنی سیدھی چلتی گئی اور پہلی بار آپ کے اوپر ٹھہری ہے۔سمجھے؟ کیا آپ قبول کرتی ہیں؟ تو پھر اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائیں۔آمین۔آپ نے اِسے حاصل کر لیا۔روشنی آپ کے چوگرد موجود ہے۔یسوع مسیح آج بھی زندہ ہے۔

کیا آپ ایمان لاتے ہیں؟ میں نے آپ کے آگے سچائی بیان کی ہے یعنی بائبل کی سچائی، خدا نے کہا تھا کہ یہ سچائی ہے۔تو پھر آیئے اپنے پورے دل سے خدا پر ایمان لائیں۔

آج شام کتنے لوگ شفا پانا چاہتے ہیں؟ میرا مطلب ہے کہ خدا کے ہاتھ سے۔کیا آپ دیکھ نہیں سکتے کہ یہاں پر کچھ موجود ہے؟ یہ خدا کا روح ہے۔ یہ بائبل مقدّس کو ظاہر کر رہا ہے کسی ایک چھوٹے حصے یا دو چھوٹے حصوں کو نہیں بلکہ پوری کی پوری بائبل کو۔

E-67 یسوع مسیح مردوں میں سے جی اٹھا ہے اور وہی کام کر رہا ہے جو اُس نے ماضی میں کیئے آج بھی کرے گا، اور ہمیشہ کرتا رہے گا یہ وہی خداوند یسوع ہے۔کیا آپ اِس پر ایمان لاتے ہیں؟ تو پھر ایک دوسرے پر ہاتھ رکھئے اور ہم بیماروں کے لئے دعا کریں۔

اب وقت ہے۔اوہ، کاش میں یہ بات دلوں کے اندر اتار سکتا۔آپ وہ شخص ہیں جو بیمار ہے۔میں تھک گیا ہوں۔میں نے منادی کر دی ہے، کھینچنے کا کام کیا ہے التماس کی ہے، اور سب کچھ کیا ہے۔اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔خدا نیچے اترا ہے اور اِسے آپ کے لئے ثابت کرنے کو اُس نے سب کچھ کیا ہے۔اب آپ کے لئے وقت ہے کہ آپ دعا کریں۔اب آپ کے لئے وقت ہے کہ مسیح

کو قبول کریں۔ میں تو یہ پہلے ہی کر چکا۔ میں پہلے ہی اُس پر ایمان لا چکا۔ کیا آپ اُس پر ایمان لاتے ہیں؟ تو پھر دعا مانگنا شروع کیجئے۔ اپنے لئے دعا کرنے کے بارے آپ کا کیا خیال ہے؟

ہر بچے کو اپنی ٹافی کے لئے خود ہی چلّانا پڑتا ہے۔ ایک بچہ دوسرے بچے کی ٹافی کے لئے نہیں رو سکتا۔ اگر آپ تندرست ہونا چاہتے ہیں تو خدا کے آگے چلّانا شروع کریں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔

E-68 اب، دعا مانگنا شروع کیجئے۔ آپ میں سے ہر ایک اپنے لئے اپنے ساتھ والے شخص کے لئے دعا کرنا شروع کر دے۔ دعا مانگنا شروع کیجئے اور تندرست ہو جایئے۔ خدا پر ایمان رکھیں۔ اور جب آپ محسوس کریں کہ آپ کو کافی ایمان حاصل ہو گیا ہے تو اُسے بلند کیجئے اور اِسے قبول کیجئے۔ اِسے سرانجام دینے کا یہی طریقہ ہے۔

اے آسمانی باپ، یہ لوگوں کا اجتماع ہے۔ میں بہت تھک گیا ہوں خداوند۔ میرا دل ٹوٹ گیا ہے۔ اے خدا میں اَور کیا کر سکتا ہوں؟ تو اَور کیا کر سکتا ہے؟ کچھ بھی نہیں۔ اب یہ ذمہ داری لوگوں کے اوپر ہے۔ اے خدا میں مسیح کے نام میں منت کرتا ہوں کہ تو اِس جگہ کو پاک روح سے بھر دے۔ میں نہیں جانتا کہ تو اَور کیا کر سکتا ہے۔ تو یہ اپنے کلام کے ساتھ لایا ہے۔ تو یہ اپنے روح کے وسیلے لایا ہے۔ تو اِسے بائبل کے اُنہیں نشانوں کے ساتھ لایا ہے۔ اور ہر کام جو تو نے کہا تھا ہوگا، پہلے ہی وقوع میں آ چکا ہے۔

E-69 اے خدا، بخش دے کہ لوگوں کے بندھن کھل جائیں اور وہ اپنے اکڑپن کی نفی کر دیں اور اپنے نظاموں سے باہر آ جائیں اور حقیقی زندہ خداوند یسوع کے پاس آ جائیں اور خدا کی قدرت سے بھرپور ہو کر اپنی تکلیفوں اور بیماریوں سے شفا پائیں۔

اے مبارک خدا میں یسوع کے نام سے شیطان کو حکم دیتا ہوں کہ اِس جگہ اور اِن لوگوں کی

زندگیوں سے دُور ہو جائے۔ یہ لکھا ہے"وہ میرے نام سے بدروحوں کو نکالیں گے"۔

ٹھیک ہے اگر آپ یہ ایمان لاتے اور یہ قبول کرتے ہیں تو اپنے پاؤں پر کھڑے ہو جایئے۔ آمین۔ اپنے ہاتھ اٹھائیں اور اُس کی تمجید کریں۔ اور خداوند میری آپ سے آئندہ ملاقات تک آپ کو برکت دے۔ آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆